مجربات ہومیو پیتھی

PRACTICE OF PROVED MEDICINES IN HOMOEOPATHIC THERAPEUTICS

از

ڈاکٹر سیّد عبدالقیوم
ملیح آبادی

ڈاکٹر اسلام ظفر
ڈاکٹر محمد اسماعیل خان



بی جین پبلشرز پرائیویٹ لمیٹڈ

انتساب

میں اپنی اس ناچیز طبّی کاوش کو بہ ہزار عقیدت حضور محبوب فخر العارفین حضرت مولانا و مرشدنا سیّد سکندر شاہ قدس سرہٗ کے نام نامی و اسم گرامی پر معنون کرتا ہوں، جن کی شفقت بے پایاں نے زندگی کے ہر مرحلہ پر رہبری دست گیری فرمائی اور یقیناً یہ کاوش بھی حضور ہی کی توجہ خاص کا نتیجہ ہے۔

اس التجا کے ساتھ

شدہ ام خراب و بدنام و ہنوز امیدوارم
کہ ز بد خلاص یابم بہ دعائے نیک نامے

کفش بردار
ڈاکٹر سید عبد القیوم
ملیح آبادی

مجمل فہرست مضامین

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
رحم کی بیماریاں	۲۱۴	زبان پر زخم	۲۲۶
رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا	۲۱۴	زبان کا کینسر	۲۲۷
رحم میں نیچے دبانے والے درد	۲۱۵	زبان کا فالج	۲۲۷
رحم میں درد اور ورم	۲۱۶	زخم	۲۲۸
رحم سے سیلان خون	۲۱۷	آتشکی زخم	۵۸ / ۲۳۰
رحم میں گومڑ	۲۱۸	زکام	۲۳۰
رحم میں کینسر	۲۱۸ / ۲۹۳	زکام کے عوارض	۲۳۱
متفرق کیفیتیں	۲۱۹	زہر باد	۲۳۶
رعشہ	۲۱۹	زہروں کے تریاق	۲۳۲
ریاح	۲۲۰	—: س :—	
ریڑھ کی بیماریاں	۲۲۲	سر میں پانی اتر آنا	۲۳۳
ریڑھ میں درد	۲۲۲	سر میں پانی اتر آنا	۲۳۵
ریڑھ میں خم	۲۲۳	سر میں آوازیں	۲۳۵
—: ز :—		سر پستان میں تکلیف	۱۰۶
زبان	۲۲۳	سرخ بادہ	۲۳۶
عام کیفیتیں	۲۲۳	سرسام	۲۳۷
زبان پر شگاف	۲۲۵ / ۲۵۶	سرطان	۲۳۸
زبان پر ورم	۲۲۶	سر گھومنا	۱۴۳



کتب خانہ
طبیب

دیباچہ

الحمدللہ علی احسانہٗ ۔ میں اپنے تمام مخلصین اور ہم پیشہ احباب کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انھوں نے امید سے زیادہ میری حوصلہ افزائی اور اس کتاب کی قدر دانی فرمائی ۔ اور ان اصحاب کا خصوصیت کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے اپنے زریں تبصروں سے نوازا ۔ ارادہ تھا کہ یہ تمام قیمتی تبصرے اس کتاب کی جزو کی حیثیت سے شائع کر دیئے جائیں مگر ضخامت کا خوف مانع ہوا ۔ ورنہ وہ تو اس قدر زیادہ تعداد میں ہیں کہ ان کی ایک علیحدہ کتاب تیار ہو سکتی ہے ۔

اس ایڈیشن کی تیاری میں پوری کتاب پر از سرِ نو نظر کی گئی ہے ، بہت سے مفید اور قیمتی اضافے کئے گئے ہیں ۔ بعض مقامات پر جو تشنگی محسوس ہوتی تھی وہ بھی رفع کر دی گئی ہے اور دو تین نہایت ضروری نقشوں کا بھی اضافہ کیا گیا ہے اور اس طرح اب یہ ایک مکمل ترین کتاب کی صورت میں پیشِ خدمت ہے ۔

اللہ کے فضل سے مجھ کو پوری امید ہے کہ انشاءاللہ اب یہ کتاب پہلے سے زیادہ نفع بخش ثابت ہوگی اور آپ اس کو اتنا ہی زیادہ پسند فرمائیں گے ۔

مخلص

سید عبدالقیوم ملیح آبادی

عرض مؤلف

:- بسلسلہ طبع اول :-

انسان نے اپنی تکلیفات کے اظہار کے لئے جن الفاظ کو وضع کیا ہے ان ہی الفاظ کو ہم "مرض" کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور مرض کی تشریح و تفصیل کو کہا جاتا ہے "علامات"، مثلاً کوئی شخص کہتا ہے کہ "میرے سر میں درد ہے"۔ داہنی طرف زیادہ ہوتا ہے، صبح سے دوپہر تک تکلیف بڑھتی ہے، پیاس بھی ہے اور ٹھنڈک سے سکون ملتا ہے وغیرہ وغیرہ، تو مریض کا پہلا جملہ کہ "میرے سر میں درد ہے" یہ تو ہوا مرض کا نام۔ یعنی "درد سر" اور بعد میں مریض نے جو تفصیل بتائی ہے اس کا نام ہے "علامات"۔ ہومیوپیتھی معالجہ میں ان ہی علامات پر زیادہ زور دیا جاتا ہے اور یعنی تکلیف کے نام کو کوئی زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ ہومیوپیتھک معالجات کی کتابوں میں سرخیاں تو امراض کے نام ہی کی قائم کی جاتی ہیں، مگر دواؤں کا اندراج محض علامات کے مطابق ہوتا ہے۔ خواہ ان کا مرض سے کوئی تعلق ہو یا نہ ہو۔

بہر حال ہومیوپیتھی میں یوں تو معالجات کے سلسلے میں بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ ہر کتاب کا اسلوب بیان اور طرز تحریر جداگانہ ہے، کچھ بلسوط کتابیں ہیں اور کچھ مختصر، لیکن ہر مؤلف نے اس بات کی پوری کوشش کی ہے کہ اس کی تالیف ہر طریقہ پر مکمل ہو اور اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکے چنانچہ کچھ ان ہی توقعات و جذبات کو لئے ہوئے میں نے بھی یہ چند سطور پیش

کرنے کی کوشش کی ہے مگر بالکل نئے ڈھنگ سے اور روش عام سے قطعی علیحدہ رہ کر۔

وہ یوں کہ اب تک جتنی بھی کتابیں شائع ہوئیں ہیں وہ تمام کی تمام یا تو غیر ممالک کے مصنفین کی کتابوں کے ترجمے ہیں یا ان کے اقتباسات مؤلف کے یا تو ذاتی تجربات کچھ تھے ہی نہیں، یا تھے بھی تو اس نے اپنی کتاب میں اندراج کی کسی خاص بنا پر ضرورت نہیں سمجھی۔

مگر زیر نظر کتاب محض میرے ۳۰ سالہ تجربات پر مبنی ہے۔ اس میں میں نے وہی لکھا ہے جو مجھ کو پیش آیا، یا جس کا مجھ کو بار بار تجربہ ہوا ہے اور جن نسخوں کو میں اب تک اپنا معمول بنائے ہوئے ہوں، میری اس بات کا شاید مشکل سے لوگوں کو یقین آئے لیکن اس کا اندازہ تو اسی وقت ہو سکے گا جب ڈاکٹر صاحبان میرے مشوروں کو اپنے تجربات کی روشنی میں لاکر کامیابی اور سرخروئی حاصل کریں گے۔

اس کتاب میں امراض کا ذکر نہایت سادہ طریقہ پر کیا گیا ہے، ان کے نام وہی لکھے گئے ہیں جو عام طور پر مشہور ہیں، اور امراض کی تشریح محض اس لئے نہیں کی گئی کہ یہ مختصر سا رسالہ اس بار کا متحمل نہ ہو سکے البتہ ایک آدھ جگہ مختصر سے اشارے ضرور کر دیئے ہیں۔ اور چوں کہ کتاب کو بیجا طول دینا مقصود نہیں، اس لئے زیادہ تر ان ہی امراض سے بحث کی گئی ہے جن سے عوام اچھی طرح واقف ہیں، اور جو آئے دن انکی پریشانی کا سبب بنے رہتے ہیں۔

اسی طرح دوا کی علامات کے بیان میں بھی قدرے اختصار سے کام لیا ہے یعنی ان ہی مخصوص ترین علامات کا ذکر کیا ہے جو پوری دوا یا پورے مرض پر حاوی ہوں چنانچہ آپ غور کریں گے کہ مرض کے سلسلے میں دواؤں کی علامات بیان کرتے وقت جو ایک

چھوٹا سا جملہ لکھ دیا گیا ہے وہی چھوٹا سا جملہ دوا کی بے شمار علامات کو اپنے دامن میں جگہ دیئے ہوئے ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جامعیت اور اختصار اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والوں کے لئے بہت سی آسانیاں فراہم کر دے گا، اور اس طرح اس کتاب کو ریپرٹری کے طور پر بھی کام میں لایا جا سکتا ہے۔

علامات کے لحاظ سے ہر مرض کی یوں تو بہت سی دوائیں ہوتی ہیں اور پھر ہر اہم علامت کی تبدیلی پر یا کسی غیر معمولی علامت کی موجودگی یا پیدا ہو جانے پر دوا بھی تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس لئے اگر مرض کے سلسلے کی تمام علامات ممکنہ کا احاطہ کیا جاتا تو یہ ایک اچھی خاصی ضخیم کتاب ہو جاتی، اس لئے یہاں وہی دوائیں لکھی گئی ہیں جنکی بالعموم ضرورت ہوا کرتی ہے۔

مجھ کو یقین ہے کہ اگر میری مطبوعات میں سے "افادات ہومیوپیتھی" اور یہ کتاب کسی ہومیوپیتھ ڈاکٹر کے زیر مطالعہ رہے تو اس کو کبھی ناکامیابی کا منہ نہ دیکھنا پڑے گا۔ اور نہ ان کو اپنی پریکٹس کے زمانہ میں کسی تیسری کتاب کی ضرورت ہو گی۔ یہ کتابیں نہ صرف معالجے کے لئے دلچسپ انکشافات کا باعث ہوں گی بلکہ ڈاکٹر صاحبان کے علم و کمال میں اضافہ کے ساتھ ساتھ دولت و شہرت کے حصول کا کامیاب ذریعہ بھی ثابت ہوں گی۔

آخر میں میں ہومیوپیتھی سے متعلق ان بنیادی اور اہم امور کا تذکرہ کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ جو ہر ڈاکٹر کے لئے اکثر پریشانی کا باعث بن جاتے ہیں اور جن سے بے اعتنائی مریض کو تختۂ مشق بنا ڈالتی ہے۔



دوا کا انتخاب

معالجات کے سلسلے میں طبیب کے لئے سب سے پہلا مرحلہ دوا کا انتخاب ہے۔ یہ مرحلہ بظاہر نہایت دشوار گزار معلوم ہوتا ہے لیکن اس کی آسان ترین صورت یہ ہے (جیسا کہ ڈاکٹر ہنسی مین کا مشورہ ہے) کہ انتخاب دوا کا انحصار مریض کی مجموعی علامات پر ہونا چاہیئے۔ وہ علامات (شکایات) جو مریض خود بیان کرے، اس لئے کہ یہی علامات اندرونی و بیرونی تکلیفات کا عکس ہوتی ہیں اور انہی سے افعال اعضاء میں اختلال اور اعتدال صحت سے انحراف کا صحیح اندازہ لگایا جاسکتا ہے جیسا کہ میں نے شروع میں عرض کیا ہے کہ انہی علامات کے مجموعے کا نام مرض رکھ دیا گیا ہے۔ مریض اپنی جو بھی شکایات (علامات) بیان کر رہا ہے اس پر اچھی طرح توجہ اور اس کے ایک ایک لفظ پر غور کی ضرورت ہوتی ہے لیکن مریض کو اپنی شکایت بیان کرنے کا پورا موقع ملنا چاہیئے۔ اگر اس کی بیان کردہ علامات، سے کوئی دوا آپ کے ذہن میں آتی ہے تو اس کی تصدیق کے لئے مریض سے کچھ اور سوالات بھی کر لیجئے اور اس کا جسمانی معائینہ بھی کیجئے۔

اور اگر اس کی بیان کردہ علامات سے کوئی دوا ذہن میں نہیں آرہی ہے تو مریض سے درخواست کیجئے کہ وہ اپنے حالات و کیفیات پر پھر غور کرے اور مزید کچھ بتائے۔ اگر اس سے مطلب بر آری ہو جائے تو خیر، ورنہ ضروری ہے کہ مریض

کی مزاجی حالت، جسم کی اندرونی و بیرونی کیفیات، جذبات، مجلسی حالات، مشاغل
مرض کی کمی و بیشی کی حالتیں، عادات، اسباب مرض، اوقات راحت و تکلیف
وغیرہ وغیرہ کے متعلق مریض سے بہ آسانی معلومات حاصل کیجئے اور پچاسوں
رطب و یابس علامات میں سے چند اہم اور مرض و مریض کے مناسب حال علامات
کا انتخاب کر کے کوئی صحیح دوا تجویز کرنے کی کوشش کیجئے۔ اگر ابتدا ہی میں
تھوڑی محنت کر کے صحیح دوا کا انتخاب کر لیا گیا تو پھر یہی ایک دوا ازالۂ مرض کے
لئے کافی ہوگی اور آپ آئندہ کے لئے دردسری سے بچ جائیں گے۔ یہ اور بات ہے
کہ دوا کی طاقتوں میں کچھ ردوبدل کرنا پڑے۔

اس قسم کی مشکلات عموماً کہنہ اور پیچیدہ امراض میں ہوتی ہیں ورنہ حاد
امراض اور موسمی شکایات میں اس قسم کی کوئی دشواری نہیں پیش آتی۔

کہنہ اور مزمن امراض میں اور خاص کر وہ مریض جو ایلوپیتھی علاج سے مایوس
ہو کر آتے ہیں، ان کے اندر غلط دواؤں کے استعمال سے اس قدر پیچیدگیاں پیدا
ہو جاتی ہیں کہ مرض کی صحیح علامات اور غلط دواؤں سے پیدا شدہ علامات میں امتیاز
دشوار ہو جاتا ہے، ایسی حالت میں نہایت غور و فکر کی ضرورت ہوتی ہے اور بہت
سنبھل کر نسخہ تجویز کرنا پڑتا ہے۔ ایسے مریضوں کا علاج شروع کرنے سے پہلے ضروری ہے
کہ مریض کو چند خوراکیں ایسی دوا کی دیدی جائیں جس سے سابقہ غلط دواؤں
کا اثر زائل ہو جائے اور طبیعت صحیح دوا کے اثر کو قبول کرنے پر مستعد ہو جائے۔

علامات حاصل کرنے کے سلسلے میں اس کا لحاظ ضروری ہے کہ مریض
سے حالات معلوم کرتے وقت محض مرض ہی کی علامات لینا کافی نہیں ہوا کرتا، بلکہ
مریض کی نہایت مخصوص علامات کا حاصل کرنا بھی ضروری ہوتا ہے اور یہی خاص

علامات ہیں جن کو امتیازی علامات یا انفرادی علامات کہا جاتا ہے اور انہی امتیازی علامات پر صحیح نسخے کا دارومدار ہوتا ہے۔ مثال کے طور نمونیہ کو لیجئے اس میں عام طور پر کھانسی، سینہ بلغم سے بھرا ہوا، دقت تنفّس اور سینہ میں درد وغیرہ ہوتا ہے ظاہر ہے کہ یہ سب مرض کی علامات ہیں اور محض انہی علامات پر نسخہ تجویز نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اگر مریض سے آپ نے یہ معلوم کر لیا کہ "بائیں جانب لیٹنے میں تکلیف ہوتی ہے اور ٹھنڈک سے سکون" ملتا ہے، ان دو علامتوں کا اگرچہ مرض سے کوئی تعلق نہیں ہے لیکن یہی مریض کی خصوصی علامات ہیں اور انہی خصوصی یعنی امتیازی علامات کی بنا پر پلساٹیلا کی چند خوراکیں آپ کے مریض کو مکمل شفا دینے کے لئے کافی ہوں گی۔

یہ بھی خیال رہے کہ مریض بار بار سوالات کرنے سے گھبرانے یا اکتانے نہ پائے۔ اور اگر ذرا بھی اس کا احساس ہو کہ مریض گھبرانے سا لگا ہے تو فوراً اپنی جرح روک دیجیئے اور اس کو کسی آئندہ وقت کے لئے اُٹھا رکھیئے، ورنہ آپ کے اخلاق کی خوبی تو یہ ہونی چاہیئے کہ مریض پہلی مرتبہ ہی مطب میں آکر آپ کا اتنا گرویدہ ہو جائے کہ اپنے اندرونی و بیرونی حالات اور دلی کیفیات کے اظہار پر خود ہی تیار ہو جائے۔

طاقت کا مسئلہ

انتخاب دوا کے بعد دوسری چیز دوا کی طاقت کا مسئلہ ہے اور یہ مسئلہ نہایت پیچیدہ اور اختلافات سے پر ہے، چونکہ ہر ڈاکٹر کے اپنے ذاتی تجربات ہوئے ہیں۔ اس لئے وہ انہیں کی روشنی میں اپنا لائحہ عمل مقرر کرتا ہے اور اس معاملہ میں دوسروں کے تجربات سے فائدہ اٹھانا نہیں چاہتا، بس اسی بنائے اختلاف سمجھئے۔ اور اسی وجہ

سے اس کا کوئی قاعدہ کلیہ مقرر نہیں کیا جا سکتا۔

بہت سے ڈاکٹر چھوٹی طاقتوں کے گرویدہ ہوتے ہیں اور ان ہی سے اپنے مریضوں کو شفا دینے میں کامیاب ہوتے ہیں۔

بعض اصحاب درمیانی طاقتوں کو بہتر سمجھتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ درمیانی طاقتیں چھوٹی طاقتوں کی طرح نہ تو مرض میں پیچیدگی پیدا کرتی ہیں اور نہ بڑی طاقتوں کی طرح مرض کو ابھارتی ہیں بلکہ نہایت سلامت روی کے ساتھ کام کرتی ہیں۔

اسی طرح بعض ڈاکٹر صاحبان صرف اونچی ہی طاقتیں استعمال کرتے ہیں، چھوٹی طاقتوں کا استعمال ان کے نزدیک معیوب ہے۔ میں نے تو یہاں تک دیکھا ہے کہ بعض ڈاکٹر صاحبان ہزار نمبر کی دوا کی روزانہ تین چار خوراکیں بلا تکلف استعمال کراتے رہتے ہیں۔ پھر اگر دوا نے پہلے ہی دن فائدہ نہیں کیا تو دوسرے دن دوسری ایک نمبر کی دوا، اور تیسرے دن تیسری ایک ہزار نمبر کی دوا۔ بہر حال یہ ان کا عمل ہے اور ان کے نزدیک بہتر، لیکن اصولاً آپ کیلئے یہ ضروری ہے کہ آپ یہ معلوم کریں کہ دوا کی بہترین طاقت کون سی ہے اور وہ عضو ماؤف پر کتنا اثر کر سکتی ہے۔

میں نے جو طاقتیں اس کتاب میں درج کی ہیں ان میں زیادہ تر وہی ہیں جن کا مجھ کو بار بار تجربہ ہو چکا ہے۔ اور میرے خیال میں ان طاقتوں کے استعمال سے کسی نقصان یا خطرے کا اندیشہ نہیں، پھر بھی اگر کسی صاحب کا تجربہ ان طاقتوں کے علاوہ کسی اور اونچی یا نیچی طاقتوں پر ہو تو ان کو اختیار ہے کہ جس طاقت کی دوا چاہیں استعمال کرائیں، لیکن اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

اول تو یہ ہے کہ بعض امراض میں دواؤں کی نیچی طاقتیں بہت کم کام دیتی

ہیں، جیسے ملیریا بخار وغیرہ میں ۲۰۰ نمبر سے کم طاقت کی کوئی دوا کام نہیں کرتی۔

دوسرے یہ کہ دیرینہ، پیچیدہ، کہنہ، یا ان امراض میں جہاں جسمانی تبدیلیاں (بیرونی یا اندرونی طور پر) رونما ہو چکی ہیں، وہاں نیچی طاقتیں ہی زیادہ مناسب ہیں لیکن ان کو بھی جلد جلد نہ دہرائیے۔

تیسرے یہ کہ دیرینہ جلدی امراض میں اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ مرض میں زیادتی نہ پیدا ہونے پائے۔ ہمیشہ اونچی طاقتیں ہی مفید ہوتی ہیں۔

ایک بات اور ہے اور وہ یہ کہ ہر دوا کی مختلف طاقتیں ہوتی ہیں، اور ہر طاقت کے اثرات علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں، جیسے سلیسیا اور ہیپر سلفر وغیرہ، یہ دوائیں نچلی طاقت میں پھوڑوں کو پکاتی ہیں اور اونچی طاقت میں مواد کو جذب کر کے پھوڑوں کو مندمل کرتی ہیں۔ یا لائکو پوڈیم کو لیجئے، یہ معدہ کے امراض کے لئے بالعموم مفید ہوتی ہے۔ لیکن اعصابی امراض میں صرف اونچی طاقت ہی سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

اسی طرح بعض دوائیں صرف نیچی طاقت ہی میں مفید ہوتی ہیں اور اونچی طاقتیں محض بیکار جیسے ریسی نس اور گرنڈیلیا وغیرہ اور بعض دوائیں ایسی ہوتی ہیں جو صرف اونچی طاقت ہی میں استعمال ہوتی ہیں اور ان کے نیچے کی طاقتیں نہ صرف بے کار بلکہ ضرر رساں بھی، اس قسم کی دوائیں زیادہ گہرا اثر کرنے والی اور عموماً نوسوڈ ہوتی ہیں، (نوسوڈز ان دواؤں کو کہتے ہیں جو امراض کے زہر سے بنائی جاتی ہیں) ان دواؤں کی معجز نمائی تو صرف اونچی طاقت کے استعمال ہی سے ظاہر ہوتی ہے۔

بہر صورت دوا کی طاقت تجویز کرنے میں مریض کی طاقت برداشت اور

مرض کی قوت کا بھی لحاظ رکھنا چاہیئے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ مریض اپنی کمزوری کے باعث آپ کی تجویز کردہ دوا کے اثرات کو برداشت ہی نہ کر سکے، یا طبیعت میں مرض کے مقابلہ کے لئے قوت منعکسہ نہ پیدا ہو سکے، یا پھر دوا مرض پر اثر انداز ہی نہ ہو سکے وغیرہ وغیرہ اور نتیجہ میں آپ اپنی تجویز کردہ دوا سے بدظن ہو جائیں۔

مریض کو دوا دینا

دوا دینے کے کیا طریقے ہیں اور کیا اصول ہیں، اس کے لئے کوئی ضابطہ مقرر نہیں کیا جا سکتا۔ ہر طبیب اپنی فہم و بصیرت اور ضرورت کے مطابق اپنا کام کرتا ہے۔ البتہ دو ایک باتیں لائق اظہار ہیں۔

دوا کم سے کم مقدار میں استعمال ہونی چاہیئے۔ بیس نمبر کی چھوٹی گولیاں زیادہ بہتر سمجھی جاتی ہیں۔ چھوٹے بچوں کے لئے ۵-۱۰ گولیاں کافی ہوتی ہیں اور بڑوں کو ۱۰-۱۲ گولیوں سے زیادہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اگر دوا بصورت ٹنکچر دینے کا خیال ہے تو بچوں کو ایک قطرے کی چار خوراکیں سوگر آف ملک یا آب مقطر میں بنا کر دیں، اور بڑوں کو ایک قطرہ میں دو خوراکیں یا زیادہ سے زیادہ ایک قطرہ فی خوراک کافی ہے۔

بچوں کے لئے عام طور پر سفوف یا گولیاں ہی زیادہ مناسب ہیں اور بڑوں کو آب مقطر میں دوا دینا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

بعض معصوم صفت لوگوں کا خیال ہے کہ گولیاں اسی وقت تک موثر ہوتی ہیں جب تک کہ ان میں دوا کی نمی باقی ہے اور خشک ہونے کے بعد ان میں

کوئی اثر باقی نہیں رہتا۔ ایسے اصحاب کے لئے میرے پاس صرف یہی جواب ہے۔

ع :-

ادا شناس نۂ دلبرا خطا اینجاست

اور آپ معلومات کے لئے یہ گزارش ہے کہ اگر دوائیں حفاظت سے رکھی جائیں تو ۱۸-۲۰ سال تک بھی ان کی قوت شفا میں کوئی نقص نہیں آنے پاتا۔

مریض کو سوتے میں یا جگا کر دوا نہیں دی جاتی۔ تا آنکہ ایسی ہی شدید ضرورت یا حالات پیش نہ آجائیں۔

دوا کا دہرانا

جہاں تک دوا کے دہرانے کا تعلق ہے اس کا فیصلہ بھی ڈاکٹر صاحبان ضرورت اور موقع و محل کے لحاظ سے کریں۔ مجھے اس جگہ صرف اتنا عرض کر دینا ہے کہ مرض جس قدر زیادہ تیز اور مہلک ہو اور مریض کی حالت جلد جلد بگڑنے کا اندیشہ ہو وہاں ضروری ہے کہ دوا جلد جلد دی جائے، مثلاً ہیضہ کے کیسوں میں جہاں دو دو اور چار چار منٹ کے بعد دوا دی جاتی ہے اور پہلی یا دوسری خوراک کے اثر کا انتظار کر کے مریض کی زندگی سے کھیلا نہیں جاتا۔

لیکن حاد امراض میں جہاں مرض زیادہ خطرناک اور مہلک نہ ہو وہاں تکلیف کی کمی و زیادتی کے اعتبار سے وقفۂ خوراک مقرر کیجیئے۔ اسی طرح دیرینہ اور پیچیدہ امراض میں بہتر اصول یہ ہے کہ اونچی دوا کی چند خوراکیں دے کر اس کے اثر کا انتظار کیجیئے۔ اور مریض کی حالت کا بغور مطالعہ کرتے رہیئے۔

دوا کا تبدیل کرنا

اسی طرح دوا کا بار بار تبدیل کرنا بھی کسی طرح مناسب نہیں، دوا کا انتخاب نہایت غور و فکر کے ساتھ ہونا چاہیئے۔ بار بار نسخہ تبدیل کرنے کے یہ معنی ہوں گے کہ ڈاکٹر نے ضروری توجہ سے کام نہیں لیا اور رواداری میں دوا تجویز کردی۔ البتہ اگر پہلی دوا نے اپنا کام ختم کرلیا ہے یا علامات دوسرا رخ اختیار کررہی ہیں تو دوسرا نسخہ تجویز کرنا ضروری ہے، ایسی حالت میں عام طور سے دوسری دوا، پہلی دوا کی معاون ہی ہوتی ہے، مگر خیال رہے کہ دوسرا نسخہ تجویز کرنا بھی بڑا اہم کام ہے جس کے لئے کافی غور و فکر کی ضرورت ہوتی ہے۔

کسی مرض میں اگر دوا نے پورا اثر نہیں کیا یا کام کرتے کرتے رک گئی، یا دوا کا اثر ہی زائل ہوگیا ہے تو آپ کو غور کرنا ہوگا کہ کہیں ایسا تو نہیں :۔

کہ مریض کوئی ایسی چیز کھالی ہو جس سے دوا کا اثر ہی زائل ہوگیا، یا مرض کے مقابلہ میں دوا کمزور تھی، جس کی وجہ سے مرض پر پوری طرح حاوی نہ ہوسکی یا دوا پورے طور پر بالمثل نہ تھی۔

یا صحیح طور پر علامات حاصل نہیں کی گئی تھیں۔

یا مرض نے کوئی دوسری صورت اختیار کرلی۔

یا مریض کے اندر کوئی چھپا ہوا زہریلا مادہ موجود ہے جو دوا کے فعل میں حارج ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ، ان تمام حالات میں آپ کو اپنی تجویز، دوا کی طاقت، یا دوا کے انتخاب پر نظر ثانی کرنا ضروری ہوگا۔

پہلے نسخے کے بعد جو دوائیں دی جاتی ہیں ان کا اثر یا کارکردگی کے لحاظ سے چند صورتیں ہو سکتی ہیں :-

۱- یا تو دوسری دوا پہلی دوا کی معاون ہوگی، یعنی پہلی دوا کے فعل کو محض تقویت دے گی اور اپنا کوئی فعل نہ کرے گی۔ جیسے لائیکوپوڈیم کے بعد کاربوویج۔

۲- یا پہلی دوا کے فعل کو تقویت بھی دے گی اور اپنا کام بھی کرے گی جیسے کونیم کے بعد رسٹاکس۔

۳- یا پہلی دوا کے اثر کو زائل کر کے اس کا بقیہ کام بھی پورا کرے گی اور اپنا فعل علیحدہ کرے گی۔ جیسے برایونیا کے بعد رسٹاکس۔

۴- یا پہلی دوا کے اثر کو کلی یا جزوی طور پر زائل کر دے گی جیسے کونیم کے بعد ڈلکا مارا۔ ڈلکا مارا کونیم کے اثر کو بالکلیہ زائل کر دیتا ہے۔ یا لائیکوپوڈیم کے بعد نکس وومیکا۔ نکس وومیکا جزوی طور پر لائیکوپوڈیم کے اثر کو زائل کرتا ہے۔

۵- یا پہلی دوا کے بعد دوسری دوا کا استعمال متضاد اثر پیدا کرے گا۔ جیسے ملی فولیم اور کافیا۔ یہ دونوں آپس میں متضاد ہیں اور ایک دوسرے کے قبل یا بعد استعمال نہیں ہو سکتے۔

۶- یا دوسری دوا کا پہلی دوا سے کوئی تعلق نہ ہوگا جیسے لائیکوپوڈیم کے بعد میگنیشیا فاس۔

غرض کہ ان تمام امور پر غور کرنے کے بعد ہی دوسرا نسخہ تجویز کیا جا سکتا ہے۔

اور ایک وقت ایسا بھی آتا ہے، جب کسی معاون دوا کا استعمال ضروری ہو جاتا ہے۔ اور وہ یہ کہ اگر کسی مزمن مرض کے سلسلے میں مریض کو کوئی دوا دی جا چکی ہے اور دوران علاج مریض کسی حادثکلیف میں مبتلا ہو گیا تو اس کے دفیعہ کے لئے ایسی دوا تجویز کرنا چاہیے جو پہلی دوا کے اثر میں خلل انداز نہ ہو اور اپنا کام بھی پورا کرے۔

مثلاً کسی آتشک کے مریض پر دوران علاج انفلوئنزہ کا حملہ ہوا تو انفلوئنزہ کے لئے ایسی دوا تجویز کی جائے گی جو انفلوئنزہ کو درست بھی کرے اور مریض کو سابقہ مرض کے سلسلے میں جو دوا دی جا چکی ہے اس کا اثر بھی نہ زائل ہونے پائے۔

خیال رہے کہ ہر دیرینہ مرض اپنے اندر کوئی نہ کوئی زہریلا مادہ ضرور رکھتا ہے۔ یا یوں سمجھیے کہ وہی زہریلا مادہ ہی موجودہ مرض کے نمود کا باعث ہے۔ ایسی حالت میں ضروری ہے کہ اچھی طرح چھان بین کرنے کے بعد یہ معلوم کر لیا جائے کہ وہ مادہ کیا ہو سکتا ہے اور اس کے دفعیہ کے لئے کیا کیا صورتیں اختیار کی جا سکتی ہیں۔ اس لئے کہ جب تک وہ مادہ رفع نہیں ہو جاتا مریض کا صحت پانا مشتبہ ہے۔ ایسی صورت میں مناسب تو یہ ہے کہ اس مادہ کے دفعیہ کے لئے شروع ہی میں دوائیں استعمال کرا دی جائیں، اور اگر بعض حالات میں شروع میں ایسی دوا استعمال نہ ہو سکے تو دوران علاج گاہے گاہے مادۂ مرض کی مناسبت سے دو ایک خوراکیں ضرور دی جاتی رہیں لیکن ایسی دوا کا انتخاب مریض اور مرض کی نوعیت کے اعتبار ہی سے کرنا ہو گا۔

ہومیو پیتھی کے اندر تین ہی زہریلے مادے ہوتے ہیں، سورا، سفلس،

سائیکوسس۔

اس میں سورا کے دفعیہ کیلئے:۔ سلفر سلفیورک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ، گریفائٹس، مزیریم، میورٹیک ایسڈ، سارساپریلا، سیپیا، سلیسیا وغیرہ۔

سفلس کیلئے:۔ مرکیوریس، نائٹرک ایسڈ، آرسینک، سفلینیم، سنابریس، اورم میٹ، فائی ٹولکا، کالی کے مرکبات وغیرہ اور

سائیکوسیس کے دفعیہ کے لئے عموماً:۔ تھوجا، میڈورانیم، مرک، مزیریم، نائٹرک ایسڈ، نیٹرم سلف، اورم، سارساپریلا اور سلیسیا وغیرہ ادویہ سے کام لیا جاسکتا ہے۔

دوائیں ملا کر دینا

لبعض ڈاکٹر صاحبان چند دواؤں کو ملا کر مریضوں کو دیتے ہیں اور ان کے نزدیک یہی معراج ڈاکٹری ہے، ایسے ایلوپیتھک ذہنیت رکھنے والے ڈاکٹر صاحبان نے یا تو ہومیوپیتھی اصول علاج کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی، یا ان کو ہومیوپیتھی پر پورا بھروسہ نہیں اور یا ان کو اپنی تجویز پر اعتماد نہیں ورنہ اگر ذرا غور و فکر سے کام لیا جائے تو مرض کے ازالہ اور مریض کی صحت کے لئے صرف ایک دوا کافی ہوتی ہے۔ اور اگر کبھی دو دوائیں دینا ناگزیر ہی ہوں تو یہ ہوسکتا ہے کہ دوائیں باری باری دیجئے (بشرطیکہ دوائیں نیچے کی طاقت میں استعمال ہو رہی ہوں اور دونوں آپس میں معاون بھی ہوں) یا اگر کوئی تیز اور گہرا اثر کرنے والی دوا استعمال کرائی گئی ہے تو بشرط ضرورت کو معاون دوا درمیان میں دیجا سکتی ہے، لیکن ایلوپیتھی کی طرح دو یا زیادہ دوائیں ملا کر

دینا کسی طرح مناسب نہیں۔

یورپ کے ڈاکٹروں نے (جو زیادہ تر ایلوپیتھ بھی ہیں) اپنا تجارتی مفاد مدنظر رکھتے ہوئے ایلوپیتھی اصول پر ہومیوپیتھک دواؤں کی نیچی طاقتوں کو مخلوط کرنے کا طریقہ نکالا، وہ اس طرح کہ کسی مرض کی جتنی بھی دوائیں ہوسکتی ہیں، ان سب کو یکجا کر کے ایک مرکب بنایا اور مرض کی مناسبت سے اس کا کوئی نام رکھ کر قرص یا عرق کی صورت میں ہندوستان میں سپلائی شروع کر دی اور چونکہ ہندوستان کے اکثر ڈاکٹر صاحبان غور وفکر اور دماغ سوزی کے عادی نہیں ہیں بلکہ یورپ کے دواساز ڈاکٹروں کے ایجنٹ بن کر رہ گئے ہیں، اس لئے انہوں نے مرض کے نام پر بنی بنائی دوا تجویز کر دی اور اس پر غور کرنے کی زحمت نہیں فرمائی کہ ایک مرکب دوا مختلف مزاج والے، مختلف انسانوں کے لئے یکساں طور پر آبِ حیات ثابت نہیں ہوسکتی۔

اور یہی وجہ ہے کہ آج کل طرح طرح کے ہومیوپیتھک مرکبات سے بازار بھرے پڑے ہیں۔ اور ہر ہومیوپیتھ ڈاکٹر کا دواخانہ ہومیوپیتھک کی پیٹنٹ دواؤں کا شوروم بن کر رہ گیا ہے۔ یہ طریقہ حقیقت میں ایلوپیتھک طریقہ ہے اور ہومیوپیتھی سے اس کو دور کا بھی واسطہ نہیں۔

بایوکیمک دوائیں

بایوکیمسٹری ہومیوپیتھی سے نکلی ہوئی بارہ دواؤں کا نام ہے، مگر اس کے طریق تیاری نے اس کو ایک علیحدہ فن کی سی حیثیت دے دی ہے، بایوکیمک دوائیں باری باری یا آپس میں ملا کر دی جاسکتی ہیں اور تقریباً تمام بایوکیمسٹ ڈاکٹروں کا یہی

معمول ہے۔ چونکہ اس میں صرف ۱۲ دوائیں ہوتی ہیں، اس لئے یہ نہایت آسان ہے کہ آپ ایک مرض کی دو چار یا جتنی بھی دوائیں ہوں ان کو ایک ہی طاقت یا متفرق طاقتوں میں یکجا کر لیجئے اور مرض کی مناسبت سے کوئی نام تجویز کر دیجئے چنانچہ اسی اصول پر یورپ سے بنے ہوئے بے شمار مرکبات آرہے ہیں۔

جس طرح بایوکیمک دواؤں کا طریق تیاری مختلف ہے اسی طرح اس کا طریق استعمال بھی، اس لئے ہومیوپیتھی کے لئے کسی طرح بایوکیمسٹری کے اصول و معمولات نہیں برتے جا سکتے۔

ایلوپیتھک دواؤں کا دخل

آج کل یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ہومیوپیتھک ڈاکٹر صاحبان ہومیوپیتھی دوا کے ساتھ ساتھ کچھ ایلوپیتھی دوائیں بھی اپنے مریضوں کو استعمال کراتے ہیں، یا کچھ نہیں تو ایلوپیتھی کے انجکشن ہی لگا دیا کرتے ہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ اس طرح ان کو امراض کے دفعیہ میں کہاں تک کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں اور اس سے مریض کہاں تک فیض یاب ہوئے ہیں، لیکن فن ہومیوپیتھی کے نقطۂ نظر سے یہ بڑے سنگین نتائج کا حامل ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ اس کے دور رس اثرات سے مریض کا مدتوں پیچھا نہ چھوڑے، بہرحال اس کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔



خارجی ادویہ کا استعمال

اس موضوع پر میری ایک مبسوط کتاب "ہومیوپیتھک ادویہ کا خارجی استعمال" زیر طبع ہے اور جلد ہی ناظرین کی خدمت میں پیش کی جائے گی، اس وقت سرسری طور پر صرف اس قدر یاد رکھیئے کہ ہومیوپیتھی میں خارجی دوائیں بھی استعمال ہوتی ہیں مگر وہیں تک جہاں تک کہ مرض کو دبانا مقصود نہ ہو، ورنہ عام طور پر وہ امراض (حادثات) جو بیرونی اسباب سے پیدا ہوئے ہوں، ان میں خارجی علاج کی بھی ضرورت ہوتی ہے اور ہومیوپیتھی کسی طرح اس کی مخالف نہیں۔

غذا اور پرہیز

مریض کی غذا اور پرہیز کا معاملہ ہومیوپیتھی میں نمایاں اہمیت رکھتا ہے، چنانچہ وہ تمام غذائیں جو دوا کے اثر کو زائل کرنے والی ہوں یا جو مرض کی زیادتی کا سبب بن جائیں یا جن سے مریض کی تکلیف بڑھ جانے کا اندیشہ ہو بالکل بند کر دینی چاہئیں، صرف وہی غذائیں زیادہ بہتر ہو سکتی جو مقوی اور زود ہضم ہوں اور جو کسی حد تک مرض کے ازالہ میں معاون بھی ہو سکیں۔

طب یونانی نے مریض کی غذا اور پرہیز کے بارے میں بڑ زریں ہدایات و اصول مقرر کیے ہیں جن کی مثال کسی دوسرے طریقۂ علاج میں نہیں پائی جاتی، اور اس کا مجھے اعتراف ہے کہ میں ہمیشہ انہی اصول پر کاربند رہا ہوں اور اس سے میں نے بڑے بڑے فائدے حاصل کیے ہیں اور میں آپ کو بھی مشورہ دیتا ہوں کہ آپ بھی انہی طبی

ہدایات کو اپنائیے اور مریض کی مناسب غذا اور پرہیز تجویز فرماتے رہیئے۔

دواؤں کے آپس کے تعلقات

کتاب کے آخر میں ایک چھوٹا سا نقشہ بطور ضمیمہ شامل کر دیا گیا ہے جس کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ دواؤں کے آپس میں کیا تعلقات ہوتے ہیں۔ یعنی بعض دوائیں ایک دوسرے کی معاون ہوتی ہیں اور بعض متضاد اور بعض ایک دوسرے کا اثر زائل کرنے والی، اس لئے علاج معالجہ کے دوران اس کا لحاظ بہت ضروری ہے۔

اسی طرح ایک دوا کے بعد جب دوسری دوا تجویز کیجیئے تو جہاں تک ممکن ہو سکے معاون دوا دیجئے اور یہ تو ضرور دیکھ لیجئے کہ دوسری تجویز کردہ دوا کہیں پہلی دوا کے مخالف تو نہیں، ورنہ مریض کو سخت نقصان پہونچ جائے گا یا اگر پہلی ہی دوا نے نقصان پہونچایا ہے تو دافع اثر دوا دے کر اس کے اثرات کو بالکل زائل کیا جا سکتا ہے اور کم بھی کیا جا سکتا ہے۔ بہر حال ہر ہر قدم پر آپ کو اس کی ضرورت ہو گی۔

دوا کی مدّت اثر

ہر دوا جو جسم انسانی میں داخل ہوتی ہے کچھ عرصہ تک اپنا اثر ضرور قائم رکھتی ہے۔ بعض دواؤں کا اثر بہت معمولی ہوتا ہے اور بعض دوائیں نظام جسم کو برسوں اپنے اثر میں رکھتی ہے۔

اس نقشہ سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ کس دوا کا اثر کم و بیش کتنی مدّت تک جسم انسانی میں باقی رہ سکتا ہے۔

تجربہ کی روشنی میں دواؤں کی مدت اثر جو مقرر کی گئی ہے اس کے لئے ضروری نہیں ہے کہ اس میں کمی و بیشی نہ ہو سکے، بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ دوا کا اثر چند ہی روز میں زائل ہو گیا جب کہ اس دوا کی مدت کا اثر کا تخمینہ کافی طویل تھا، اور اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں، اس لئے کہ یہ سب کچھ مریض کے حالات اور مرض کی نوعیت پر منحصر ہوتا ہے۔

دوا کے مدت کے اثر کے علم میں آجانے سے یہ معلوم رہتا ہے کہ کون دوا کس قدر عمیق اثر کرنے والی ہے اور کون دوا کتنے عرصے تک اپنا اثر جاری رکھ سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہومیوپیتھک ڈاکٹروں سے بار بار گزارش کی جاتی ہے کہ دوا کے دہرانے میں عجلت سے کام نہ لیں۔

اس نقشہ کی ضرورت خصوصیت کے ساتھ اس وقت پیش آتی ہے جب دوا کو دہرانے یا دوا کو تبدیل کرنے کا مرحلہ درپیش ہو، ایسے وقت میں ضروری ہے کہ پہلے یہ اندازہ کر لیا جائے کہ دوا کا اثر باقی ہے یا ختم ہو گیا۔

اگر دوا کا اثر باقی ہے اور مریض کو ابھی اس دوا کی ضرورت ہے تو دوا کے دہرانے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، اس لئے بہتر یہ ہے کہ دوا کے اثر کا مزید انتظار کیا جائے۔ اور کوئی دوا نہ دی جائے اور اگر کوئی ایسی ہی خاص ضرورت پیش آجائے تو کسی معاون دوا کا دینا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

اور اگر دوا کا اثر ختم ہو گیا ہے تو ضرورت و حالات کے مطابق کام کرنا چاہیئے

یہ خیال رہے کہ عام طور پر اونچی طاقتیں ہی اپنا اثر کچھ مدت تک برقرار رکھتی ہیں، نیچے کی طاقتوں میں اس کا کوئی لحاظ و اعتبار نہیں ہوتا، اس لئے جہاں بار بار دوا دینے کی ضرورت ہوتی ہے وہاں عموماً نیچی طاقتیں ہی استعمال ہوتی ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ مجھے جو کچھ عرض کرنا تھا وہ انتہائی مصروفیت کے باوجود بڑی وضاحت کے ساتھ پیش کر چکا ہوں اور اس کے بعد اب مجھے صرف یہ دیکھنا ہے کہ اس کتاب سے مستفید ہو کر آپ کہاں تک عوام کی خدمت انجام دے سکتے ہیں۔

سید عبد القیوم ملیح آبادی

—.·:·.—

اُن اَدویہ کے اُردو انگریزی نام جن کا ذکر اس کتاب میں آیا ہے

الف :-

آیوڈیم	Iodium
آئری ٹکنس	Iris Ten
آئرس ورس	Iris Ver
آرٹیکا یورنس	Urtica Uren
آرسینک البم	Ars Alb
آرسینک آئڈ	Arsenic I
آرسینک سلف	Ars Sul
آرسینک ہائیڈرو	Arsenic Hyd
آرکٹینم لپا	Arctium L
آرم اٹلی	Arum I
آرم ٹرائفلم	Arum Tri
آرمورلیسیا	Armoracia
آرنیکا مانٹ	Arnica M
آزادی ریکٹا	Azadirach
آگزلک ایسڈ	Acid Oxalic

ابراٹینم	Abrotan
ابسنتھا	Absinthi
اپی کاک	Ipecac
اپی ہسٹرین	Epihyster
اٹروپین سلف	Atropin
ارٹی میشیا ولگرس	Artem V
ارجنٹم میٹ	Argent Met
ارجنٹم نائٹ	Argent Nit
ارلیا ریسی موسا	Aralia R
ارینیا ڈیڈیما	Arania D
ارینیتھو گالم	Ornithogalum
اسارم	Asarum
اسافوٹیڈا	Asafoetida
اسپرگیس	Asparag
اسٹریاز ربونس	Asterias R

Ustilago	اسٹیلیگو
Aescu G	اسکولس گلیبرا
Aescul H.	اسکولس ہپ
Asclepias	اسکلی پیاز
Acid Acetic	اسٹیک ایسڈ
Ephedra V.	افنڈرا ولگرس
Acalypha	اکالیفا انڈیکا
Actaea Spi.	اکٹیا سپائی
Echin Ang.	اکینشیا انگسچیفولیا
Equiset	اکوسیٹم
Aconite	اکونائٹ
Aconite C	اکونائٹ کیمرم
Agaricus	اگریکس
Agnus Cast	اگنس کاسٹس
Ignatia	اگنیشیا
Alumen	الیومن
Alumina	الیومنا
Ailanthus G	الینتھس
Illicium	الیسیم اینی سائٹم
Ambra G.	امبرا گریسیا
Ammon Ph.	امونیم فاس
Ammon Carb.	امونیم کار
Ammon Caus.	امونیم کاسٹ
Ammon M.	امونیم میور
Anacard	اناکارڈیم
Anthraxin	انتھرکسین
Ananth M.	انتھریم
Antim T.	انٹم ٹارٹ
Antim Crud	انٹم کروڈ
Indium met	انڈیم
Indigo	انڈیگو
Influenza	انفلوائنزینم
Angustura	انگسچورا
Anilinum	انیلینم
Ova Testa	اواٹسٹا
Upas	اوپاس
Opium	اوپیم
Aurum Ars.	اورم آرس

اوریم میٹ	Aurum met
اوریم میور	Aurum Mur
اوری جینم	Origan m.
اوسنیا باربیٹیا	Usnea Bar
اوسیمم کین	Ocimum Can.
اولنڈر	Oleander
اولیم اینی مل	Oleum Ani
اونیتھی کروکاٹا	Oenanthe
اویاری	Aviaire
اوینا سٹائیوا	Avena Sat
ایبرس	Iberis
ایبیس نائگرا	Abies Nig.
ایپس	Apis Mel.
ایتھوجا	Aethusa
ایلپس کار	Elaps Cor
ایلنس	Alnus Rub.
ایلم سٹائیوا	Allium Sat
ایلم سیپا	Allium Cepa
ایپوسائنم	Apocynum
ایپومارفیا	Apomorphi
ایلو	Aloes

—: ب :—

باتھراپس	Bothrops
بیپٹیشیا	Baptisia
بسمتھ	Bismuth
بسی لینم	Bacillin
برائی اونیا	Bryonia
برائیٹاکارب	Baryta Carb
برائیٹا میور	Baryta Mur
بربرس ولگرس	Berberis Vul
برومیم	Bromium
بلاٹا	Blatta Ori
بنزوک ایسڈ	Acid Benz
بورکس	Borax
بورک ایسڈ	Acid Boric
بووسٹا	Bovista
بیلاڈونا	Belladonna
بیلس پرنس	Bellis Per

پ :-

پائرارا	Pyrarara
پائروجن	Pyrogen
پاپولس کین	Populus
پاڈرفائلم	Podophyll
پالی گونم	Polygonum
پٹرولیم	Petroleum
پٹیلا	Ptelca T
پروٹی ڈنیم	Parotid
پرونس پیڈی کولس	Prunus P
پرونس سپائی نوسا	Prunus S
پکرک ایسڈ	Acid Picric
پلانٹیگو	Plantago
پلاٹینا	Platina
پلساٹیلا	Pulsatilla
پلمبم ایسی ٹیٹ	Plumbum
پلمبم مٹ	Plumbum M
پیپرمیتھائسٹیکم	Piper Methy
پیپرنائگرم	Piper Nig
پریرا ایرائیوا	Pareira B
پیرافنیم	Paraffin
پی اونیا	Paconia Off
پیلیڈیم	Paladium

ت :-

تھائی روڈنیم	Thyroidin
تھریڈین	Theridion
تھلسپی برسا	Thlaspi B.P.
تھوجا	Thuja Oc.

ٹ :-

ٹرامبیڈیم	Trombidium
ٹرائی فولیم	Trifol
ٹربنتھنا	Terebinth
ٹوبیکم	Tabacum
ٹیرنٹولا	Tarantula
ٹیرکسیکم	Taraxacum
ٹریلیم	Trillium
ٹیلیوریم	Tellurium
ٹیناسیٹم	Tanacetum

ٹیوبرکیولینیم	Tuberculin
ٹیوکریم میرم	Teucrium M.

—: ج :—

جسٹیشیا	Justicia A.
جلسی میم	Gelsemium
جمنوکلیڈس	Gymno C.
جنسٹا	Genista
جنسنگ	Ginseng
جیگلنس ریجیا	Juglans *R.*
جنگلنس سائی نیریا	*Juglans*

—: چ :—

چائنا	China
چیلی ڈونیم	Chelidon
چمافیلا	Chimaphila
چیلون	Chelone G.
چینوپوڈیم	Chenopod

—: ڈ :—

ڈائسکوریا	Dioscorea
ڈالی کس	Dolichos
ڈروسرا	Drosera
ڈفیتھرینیم	Diphtherin
ڈفنی انڈیکا	Daph I.
ڈلکامارہ	Dulcamara
ڈیجی ٹیلس	Digitalis
ڈیجی ٹیلین	Digitalin

—: ر :—

رٹنہیا	Ratanhia
رسٹاکس	Rhus tox.
رس ایرومٹیکا	Rhus Arom.
رس ونے ناٹا	Rhus Ven.
روبینیا	Robinia
روٹا	Ruta G.
روڈوڈنڈرن	Rhododend.
ریڈیم برومیئم	Radium
ریسی نس	Ricinus Com.
ریفے نس	Raphanus S.
ریوم	Rheum
ریومکس	Rumex

سبل سر	Sabal Serr.
سپائی جیلیا	Spigelia
سپانجیا	Spongia
سٹافی سیگیریا	Staphysag.
سٹانم	Stannum
سٹرامونیم	Stramonium
سٹروفنتھس	Strophanthus
سٹرونشیم کارب	Strontia C.
سٹرکینا	Strychnin
سسٹس	Cistus
سفلینم	Syphilinum
سکروفولیریا	Scrophularia
سکرہی نم	Scirrhinum
سکوئلا	Squilla
سلفر	Sulphur
سلفر آئڈ	Sulphur
سلفیورک ایسڈ	Acid Sulph
سلیسیا	Silicea
سمبوکس	Sambucus

رینن کولس بلب	Ranunculus
رینن کولس سکلریٹیس	Ranunculus

:- ز :-

زنتھاکسائلم	Xanthoxylum
زنجبیر	Zingiber
زنکم ایسی ٹیٹ	Zincum A.
زنکم پکرم	Zincum Pic.
زنکم فاس	Zincum phos.
زنکم مٹ	Zincum M.

:- س :-

سائی پری پیڈم	Gypripedium
سائی زائی جیم	Syzygium
سارساپریلا	Sarsaparilla
سارکولکٹک ایسڈ	Sarcolactic
سائکلمن	Cyclamen
سائی کوٹا	Cicuta V.
سائی میرن	Cymarin
سبائنا	Sabina
سباڈیلا	Sabadilla

سمفائٹم	Symphytum
سمفوری کارپس	Symphor Race
سمی سی فوگا	Cimicifuga
سنا	Cina
سنابیرس	Cinnabaris
سنٹونائن	Santonine
سنگونیریا	Sanguinaria
سنگوئی سوگا	Sanguisuga
سینتھس	Cean A.
سنیگا	Senega
سورینم	Psorinum
سولی ڈیگو	Solidago
سیپیا	Sepia
سیلینم	Selenium
سیکیل کار	Secale Cor
سینی شو	Senecio.
سینی کولا	Sanicula

—: ف :—

فائی ٹولکا	*Phytolacca*
فائی سوسٹگما	Physostigma
فاسفورس	Phosphorus
فاسفورک ایسڈ	Acid Phos
فلورک ایسڈ	Acid Fluor
فیرم ایسی ٹیٹ	Ferrum Acet
فیرم پائیروفاس	Ferr. Pyro p.
فیرم فاس	Ferrum Phos.
فیرم مٹ	Ferrum met.
فیلکس مس	Filix Mas
فیلنڈرینم	Phellandrium

—: ک :—

کاربالک ایسڈ	Acid Carbolic
کاربوانیملس	Carbo A.
کاربونیم سلف	Carboneum S
کاربوویج	Carbo Veg
کارڈس	Carduus
کارسی نوسینم	Carcinosin
کاسٹی کم	Causticum
کافیا	Coffea

Calcarea Iod	کلکیریاآئڈ	Coqueluchin	کاکویوچینم
Calcarea S	کلکیریاسلف	Colchicum	کالچیکم
Calcarea P	کلکیریافاس	Kalmia Lat	کالمیا
Calcarea F	کلکیریافلور	Colocynth	کالوسنتھ
Calcarea Carb	کلکیریاکارب	Caulophyll	کالوفائلم
Clematis	کلمٹس	Collinsonia	کالنسونیا
Chloral H	کلورل	Kali Iod	کالی آئڈ
Cannabis Ind	کنابس انڈیکا	Kali Bich	کالی بائکرام
Cannabis Sat	کنابس سٹابیوا	Kali Brom	کالی بردم
Condurango	کنڈورنگو	Kali Cyanide	کالی سائنیٹم
Convall M	کنولیریا	Kali Phos	کالی فاس
Cobalt Met	کوبلٹم	Kali Carb	کالی کارب
Copaiba	کوپےوبا	Kali Mur	کالی میور
Colostrum	کوسٹرینم	Kali Nit	کالی نائٹ
Cocculus Ind	کوکولس	Croton Tig	کروٹن ٹگ
Conium M.	کونیم	Crotalus Hor	کروٹیلس
Capsicum	کیپسیکم	Crocus	کروکس
Cadmium	کمبڈمیم سلف	Kreosote	کریازوٹ
Cactus G.	کیکٹس	Crataegus	کرٹیگس

کیلنڈولا	Calendula
کیلیڈیم	Caladi S.
کیمفر	Camphor
کیمومیلا	Chamomilla
کینتھرس	Cantharis
کیوپرم آرس	Cuprum Ars.
کیوپرم مٹ	Cuprum Met.
کیورکس	Quercus

:- گ -:

گرنڈیلیا	Grindelia
گریشی اولا	Gratiola O.
گریفائیٹس	Graphites
گلونائن	Glonoine
گلیسرینم	Glycerin
گمبوجیا	Gambogia
گوائیکم	Guaiacum

:- ل -:

لاروسریسس	Laurocerasus
لائیکوپوڈیم	Lycopod
لپٹنڈرا	Leptandra
لتھائی رس	Lathyrus
لٹروڈکٹس	Latrodectus
لیتھیم کارب	Lithium Carb.
لیڈم پال	Ledum Pal.
لیلیم ٹگ	Lilium Tig.
لیکٹک ایسڈ	Acid Lactic
لکٹوکا	Lactuca
لیک کینینم	Lac canin
لیکیسس	Lachesis

:- م -:

ماربی لینم	Morbillin
مرک آئڈ فلیوس	Merc I.F.
مرک بن آئڈ	Merc Bin. I.
مرک سال	Merc Sol.
مرک کار	Merc Cor.
مزیریم	Mezereum
ملی فولیم	Millefolium
ملی لوٹس	Melilotus

مگنیشیا فاس	Magnesia Phos
مگنیشیا کارب	Magnesia Carb
مگنیشیا میور	Magnesia Mur
منتھا پپراٹا	Mentha Pip
منسی نیلا	Mancinella
موسکس	Moschus
میڈورینم	Medorrhin
میفائٹس	Mephitis
میلنڈرینم	Malandrin
مینگنم	Manganum
میورٹیک ایسڈ	Acid Mur
میورکس	Murex P.

:- ن :-

نائٹرک ایسڈ	Acid Nit
ناجا	Naja T.
نکس موسکاٹا	Nux Mosch.
نکس وامیکا	Nux Vom.
نکولم	Niccolum
نیٹرم سلف	Natrum S.
نیٹرم سلی سلاس	Natrum Sali.
نیٹرم کارب	Natrum Carb.
نیٹرم میور	Natrum Mur.
نیفائلم	Gnaphalium
نیوفرلوٹیم	Nuphar L.

:- و :-

وائی اولا اڈراٹا	Viola A
وائی اولا ٹرائی کلر	Viola T.
وائی برنم	Viburnum
وربیکم	Verbascum
وریٹرم البم	Veratrum Alb.
وریٹرم ورائڈ	Verat Vir.
وریولائنم	Variolinum
وسپا	Vespa C
ونکامائنر	Vinca Minor
ویلیریانا	Valeriana

:- ہ :-

ہائپریکم	Hypericum
ہائیڈراسٹس	Hydrastis Can

ہائیڈروسیانک ایسڈ	Acid Hydro
ہائڈروفوبنیم	Hydrophobin
ہائڈروکوٹائل	Hydrocotyle
ہایوسیامس	Hyoscyamus
ہکلالاوا	Hecla Lava
ہمامیلس	Hamamelis
ہیپرسلفر	Hepar S.
ہیلونائس	Helonias
ہیلی بورس	Helleborus

—ی:—

یوپیٹوریم پرف	Eupator prf
یوپین	Eupion
یوجینیا	Eugenia
یورنیم نائٹریٹ	Uranium Nit.
یوفریشیا	Euphrasia

امراض

:اور:

ان کا علاج

آبلے۔ چھالے

PEMPHIGUS

آبلے اور چھالے جن میں جلن دار درد ہو، کینتھرس ۳۰

آبلے جن میں بے حد کھجلی ہو، رسٹاکس ۳۰

چھوٹے بڑے آبلے جیسے چیچک کے ہوتے ہیں۔ انٹم ٹارٹ ۳۰

آبلے جن سے تیز متعفن رطوبت رِسے، رات کو تکلیف کی زیادتی یا آتشکی

آبلے، مرک سال ۳۰

آبلے خصوصاً گدی پر، سلیسیا ۳۰

آتشک، سفلس

SYPHILIS

اگر مرض کی ابتدا ہو تو عموماً مرک سال ۳۰ کافی ہوا کرتا ہے۔

آتشکی مادہ سے منہ اور حلق متاثر اور دردناک، مرک کار ۳۰

اگر منہ اور حلق میں درد کے ساتھ دانے بھی ہوں، کالی آئڈ ۳۰

منہ اور حلق میں دانے، درد اور زخم، نائٹرک ایسڈ ۳۰ - ۲۰۰

پورے جسم پر تانبے کے رنگ کے سطحی چھٹے، ابتدا میں مرک سال ۳۰-۲۰۰

اور مزمن حالات میں نائٹرک ایسڈ ۳۰ - ۲۰۰

دوران علاج کبھی کبھی سفلینیم ۲۰۰ دے دینا مفید ہوتا ہے۔

آتشک کی بد یا گلٹی

Bubo

بد میں سختی، ورم، ابتدائی حالت میں مرک سال ۳۰ - ۲۰۰

نرم لیکن دیرینہ، نائٹرک ایسڈ ۳۰ - ۲۰۰

داہنی طرف، مرک آئڈ فلیوس ۲۰۰

بائیں جانب، مرک بن آئیوڈائڈ ۲۰۰

اگر پک جائے تو دیگر زخموں اور پھوڑوں کی طرح علاج کیجئے مگر آتشک کا خیال رکھیے۔

آتشکی زخم

Chancre

عام طور پر ابتدائی حالت میں مرک سال ۳۰ کافی ہوا کرتا ہے، زخم عضو کے خواہ کسی حصہ پر ہو زخم دیرینہ، متعفن، یا زخموں کا گوشت گلتا جائے، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

بقیہ حالات میں دیگر زخموں اور پھوڑوں کی طرح علاج کیجیے

آتشک کی آخری حالتوں میں جب ہڈیاں، ناک، حلق، تالو اور دانت وغیرہ تباہ ہو چکے ہوں۔ فلورک ایسڈ ۲۰۰

آنتیں

INTESTINE

آنتوں کی اندرونی جھلی متورم، پیاس، خشکی، بے چینی، آرسینک ۳۰

اگر دو ایک روز میں فائدہ نہ ہو تو مرک کار ۱۲

آنتوں میں رکاوٹ، نہ پاخانہ کی حاجت اور نہ تکلیف، اوپیم ۳۰۔ ۲۰۰

شکم کے اندر اینٹھن اور سکڑن کا احساس، پلمبم ۳۰

آنتوں سے سیلان خون، سرخ رنگ کا متلی کے ساتھ، اپی کاک ۳۰۔ ۲۰۰

آنتوں سے سیلان خون، سیاہ رنگ کا، ہمامیلس ۳۰۔ ۲۰۰

آنتوں میں زخم اور مزمن دست، کالی بائکرام ۳۰

پاخانے سے جیلی کی سی رطوبت خارج ہو اور پاخانہ کرتے ہوئے شدید مروڑ ہو
کالوسنتھ ۳۰۔۲۰۰

آنت اترنا، ہرنیا

HERNIA

بچوں میں اور بڑوں میں اگر داہنی طرف آنت اترتی ہو، لائیکوپوڈیم ۳۰۔
۲۰۰ اور اوپر بائیں طرف آنت اترنے کے لیے نکس وامیکا ۳۰۔۲۰۰ اور اوپر بائیں
طرف کے ہرنیا میں کبھی کبھی سلفیورک ایسڈ ۳۰۔۲۰۰ بھی دیتے ہیں۔

چڑھے کا ہرنیا

Hernia

(اس میں آنت فوطوں میں اترنے کے بجائے ران کے عضلات میں اترتی
ہے یہ اکثر مستورات میں ہوتا ہے) داہنی طرف لائیکوپوڈیم ۳۰۔۲۰۰ اور اوپر
بائیں جانب، کلکیریا فاس ۳۰۔۲۰۰ اور اوپر
بچوں میں داہنی طرف، اورم مٹ ۲۰۰
اپھار، جلن، بے چینی، مسلسل قے، آنتوں میں اینٹھن کی سی کیفیت اور
آنت اترنے کے مقام پر درد، آرسینک ۳۰



پھنسا ہوا ہرنیا

Sirdirgvialed Hernia

(جب آنت اتر کر فوطوں میں پھنس گئی ہو اور اوپر چڑھنے کی کوئی صورت نہ ہو) شکم میں درد، ورم، پاخانہ کی قے، ناف کے گرد شدید درد، پلمبم ۳۰، کپھر ۲۰۰، پھر ۱۰۰۰ یا اوپر۔

1H/DR. S. M. ZAFFAR
D. I. KHAN

آنکھوں کی تکلیفات

DISEASES OF EYES

آنکھ دکھنا، آشوب چشم *Ophthalmia*

یکایک آنکھیں سرخ ہو جائیں، کھٹک اور درد ہو، اکونائٹ ۳۰

آنکھیں زیادہ سرخ، متورم، روشنی سے تکلیف، کھٹک، بیلاڈونا ۳۰

نزلاوی کیفیت، آنکھوں سے زیادہ مقدار میں آنسوں نکلیں، یوفریشیا ۳۰

آنکھ کے پردوں میں زخم کا اندیشہ، مرک سال ۳۰

آشوب چشم کہنہ، نائٹرک ایسڈ ۳۰-۲۰۰

آشوب چشم میں آنکھوں کے گرد چھوٹے چھوٹے دانے، ٹھنڈ سے ذکی الحسی، ہیپر سلفر ۳۰

آشوب چشم بھیگنے سے، رسٹاکس ۳۰

" " نزلاوی، مرک کار ۶

آشوب چشم سوزاکی، روہوں کی تکلیف، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰

〃 〃 خنازیری عموماً پاڈو فائلم ۳۰ مفید ہوتا ہے۔

〃 〃 کسی چیز کے آنکھ میں پڑ جانے سے، کلکیریا ۳۰

ٹھنڈی ہوائیں آنکھ سے پانی بہنا، پلساٹیلا ۳۰

〃 〃 اور ٹھنڈے پانی سے سکون ہو، پکرک ایسڈ ۳۰

روشنی مصنوعی اور آگ کی روشنی سے تکلیف بڑھے، مرک سال ۳۰

〃 〃 سے تکلیف بڑھے درد سر کے دوران، نیٹرم سلف ۳۰

〃 سے تکلیف اور ذکی الحسی عام طور پر، نیٹرم سلف ۳۰ — ۱۰۰

درد آنکھوں میں آگ کی چمک سے، مرک سال ۳۰

〃 〃 〃 باریک کام کرنے سے، روٹا ۲۰۰

〃 〃 〃 چوٹ لگنے کی وجہ سے، سمفائٹم ۲۰۰

〃 〃 〃 ہوا لگنے سے، مرک کار ۳۰

〃 〃 〃 درد سر کے دوران، بیلاڈونا ۳۰

〃 〃 〃 صرف دن میں، کالمیا ۲۰۰

〃 〃 〃 لکھتے پڑھتے وقت، نیٹرم میور ۳۰

〃 〃 〃 حیض کے دوران، کالوسنتھ ۳۰

جالا

Speckonihe Eve

جالا داہنی آنکھ میں، لائیکوپوڈیم ۲۰۰

جالا بائیں آنکھ میں، لائکو پوڈیم ۲۰۰
" چیچک کے بعد، سلیسیا ۲۰۰
" زخموں کی وجہ سے، یوفریشیا ۲۰۰

آنکھوں میں چوٹ لگنا

PIEPHOROSPOSIN

آنکھوں کے ڈھیلے میں چوٹ اور درد، سمفائٹم ۳۰۔۲۰۰
چوٹ لگنے سے سیاہ یا نیلے داغ پڑ جائیں، ابیڈم ۳۰۔۲۰۰
چوٹ لگنے کی وجہ سے پپوٹوں اور پتلی پر خون کا اجتماع، لیڈم ۳۰۔۲۰۰
پتلی یا پپوٹوں پر زخم پیدا ہو جائیں، پاڈوفائیلم ۳۰
آنکھوں کے گرد سیاہ یا نیلگوں حلقے، نکس وامیکا ۲۰۰۔۱۰۰۰

آنکھوں میں پھڑکن

PIEPHOROSPOSIN

پپوٹوں میں تشنج اور اینٹھن، اگریکس ۳۰۔۲۰۰
پڑھتے وقت آنکھوں میں تشنجی کیفیت اور پیشانی میں درد، فائی سوسٹگما ۳۰
آنکھوں اور پپوٹوں میں مسلسل پھڑکن جس سے بینائی میں فرق پڑے، ریفینس ۳۰

پتلیاں

Pupils

ایک پتلی پھیلی ہوئی، دوسری سکڑی ہوئی، ٹیرنٹولا ۳۰

پتلیوں پر جالا، آشوب چشم کی خرابیوں سے، یوفریشیا ۳۰
پتلیاں پھیلی ہوئیں، آنکھیں سرخ خوں فشاں، بیلاڈونا ۳۰
پتلیوں پر زخم، پاڈوفائلم ۳۰
پتلیوں پر آبلے، آنکھیں پیچھے اندر کی طرف کھنچی معلوم ہوں، کروٹن لگ ۳۰
پتلی میں گہرا زخم جو پھیلتا جائے مگر درد نہ ہو، مرک کار ۳۰
پتلیوں میں خارش، ارجنٹم مرٹ ۳۰
پتلی پک جائے یا پک جانے کا اندیشہ ہو، ہیپر سلفر ۳۰-۲۰۰
آنکھوں کی پتلیاں گھڑی کے پنڈولم کی طرح ادھر ادھر پھرتی رہیں، اگریکس ۲۰

آنکھ کے ڈھیلے

Eyeball

آنکھ کے ڈھیلے بالکل زرد، یرقانی کیفیت، چیلیڈونیم ۲۰۰
ڈھیلے سرخ خوں فشاں، بیلاڈونا ۳۰-۲۰۰
آنکھ کے ڈھیلے چکر کی طرح حرکت کرتے رہیں، ریفینس ۳۰
ناخونہ (ڈھیلے کے کسی کنارے پر خون کی چھلینٹ) رٹنہیا ۲۰۰
باریک کام کرنے یا آنکھوں کے زیادہ استعمال سے ڈھیلوں میں درد، روٹا ۳۰-۲۰۰
ڈھیلوں میں درد ہوا لگنے سے، رسٹاکس ۳۰
" " " چولہے کی آنچ سے، مرک سال ۳۰

پپوٹے

Eyelid

اوپر کے پپوٹے متورّم اور تھیلی کی طرح لٹکے ہوئے، کالی کارب ۳۰۔۲۰۰

نیچے کے پپوٹے متورّم اور خوب پھولے ہوئے، ایپس ۳۰

پپوٹوں میں تشنج، اینٹھن اور پھڑکن، اگریکس ۲۰۔۲۰۰

پپوٹوں میں چھوٹی چھوٹی بتوڑیاں، ٹیوکریم ۶

پپوٹوں میں خارش یا بامھنی، پٹرولیم ۲۰۰

پپوٹوں میں خارش کے دانے، پلساٹیلا ۳۰

پپوٹے اس قدر سکڑ جائیں کہ آنکھیں باریک سوراخ معلوم ہوں، آیوڈیم ۲۰۰

پپوٹوں میں مسلسل تشنج جس سے بینائی میں فرق آجائے، ریفے لنس ۲۰

کناروں پر تیز ورم، آنسوؤں کی کثرت، یوفریشیا ۳۰

پپوٹوں کے کناروں پر بھوسی، آرسینک ۳۰

پپوٹے سرخ، متورّم، رات کو چپک جائیں، مرک سال ۳۰

پپوٹوں میں زخم، ذکی الحسی اور مواد نکلنے، ہیپر سلف ۳۰

پپوٹوں میں رطوبت خشک، کناروں پر شگاف، شدید درد، گریفائٹس ۳۰۔۲۰۰

پپو متورّم، سرخ، رات میں ٹھنڈک سے شدید درد، گرمی سے سکون، ہیپر سلف ۳۰

پپوٹوں پر اکوتہ، گریفائٹس ۲۰۰

پلکیں

Eyelash

پلکوں کے بال گرنے لگیں، رسٹاکس ۲۰۰

پربال یعنی پلکوں کا پتلیوں کی طرف اندر کو مڑ جانا، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰

پربال اور پپوٹوں کے کناروں پر شگاف، گریفائٹس ۲۰۰

پلکیں گر جائیں، پپوٹے سرخ متورم، باملھنی، پٹرولیم ۲۰۰

بھینگاپن

Squintnes

بھینگاپن دودھ پیتے بچوں کا، الیومنا ۲۰۰

〃 چوٹ سے یا گرنے سے، سائی کوٹا ۳۰

〃 پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے، سنا ۳۰

〃 داہنی آنکھ کی پتلی اندرونی کوئے کی طرف کھنچی ہوئی، الیومن ۲۰۰

〃 بائیں 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 کلکیریا ۲۰۰

〃 دونوں پتلیاں بائیں جانب مڑی ہوئیں، ڈیجی ٹیلیس ۲۰۰

گوہانجی، کنجیا

Styes

باربار گوہانجیاں نکلتی رہیں، سٹافی سیگریا ۲۰۰

بار بار گوہانجیاں نکلیں خصوصاً ان مستورات میں جن کو حیض کی تکلیفیں رہتی ہوں، پلساٹیلا ۲۰۰

گوہانجیاں سخت گومڑوں کی طرح، ہتھوجا ۲۰۰

گوہانجیاں پک جائیں، یا پکنے کا اندیشہ، ہیپر سلف ۲۰۰

گوہانجیوں کے بعد پپوٹے میں سخت دانہ سا باقی رہ جائے، کلکیر یا فلور ۲۰۰

آنکھ میں ناسور

Eyesore

اگر دہانے سے بہت زیادہ مواد خارج ہو رہا ہو، پلساٹیلا ۲۰۰ اس کے بعد فلورک ایسڈ ۲۰۰ اور سلیسیا ۲۰۰ باری باری مناسب وقفہ پر دیں۔

موتیابند

Calraci

ابتدائے مرض میں کاسٹیکم ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ بہت حد تک مفید ثابت ہوتا ہے۔

بوڑھوں کا موتیابند کاربو انیملس ۱۰۰۰

آنکھوں کے سامنے سیاہ نشان، داغ، دھبے اُڑتے معلوم ہوں (موتیابند کی ابتدا) امونیم کارب ۲۰۰۔۱۰۰۰

موتیابند کے لئے بایوکیمسٹری میں کلکیر یا فلور × ۳۰ کو اکسیر سمجھا جاتا ہے۔ کچھ تک مسلسل استعمال کریں پھر اونچی طاقت دیں۔

موتیابند کے آپریشن کے بعد آنکھوں میں زخم باقی رہ جانے پر رسٹاکس ۲۰۰

سبز موتیابند

Glauconia

بینائی رکی ہوئی، جیسے آنکھوں کے سامنے پردہ پڑا ہوا ہے، رسٹاکس ۲۰۰

سبز موتیا بند خصوصاً چوٹ سے، فائی سوسٹگما ۲۰۰

سردی لگ جانے سے بینائی کے اعصاب کا فالج یا اعصابی خرابیوں کی وجہ سے سبز موتیابند، کاسٹیکم ۲۰۰

سبز موتیابند، ہر چیز سبز دکھائی دے، فاسفورس ۲۰۰

رتوندھی

Hemeralopia

رتوندھی یعنی دن کا اندھاپن، باتھراپس ۳۰

رتوندھی یعنی رات کا اندھاپن، لائیکوپوڈیم ۳۰

رتوندھی درد سر کے مریضوں میں، سر گرم، کنپٹیوں میں تپکن، بیلاڈونا ۳۰۔ ۲۰۰

روہے ککھرو

Granular

روہے کی سب سے زیادہ مشہور اور کامیاب دوا، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰ ہے۔

روہے، روشنی سے ذکی الحسی، کثرت سے آنسو بہیں، نیٹرم سلف ۲۰۰

پپوٹے متورم اور ان میں شگاف، پھٹن کے سے درد، گریفائٹس ۲۰۰

بصارت

Sighi

دھند، جو کسی ایک طرف آنکھ پھیرنے سے بڑھے، اولنڈر ۲۰۰

" زیادہ لکھائی پڑھائی کا کام کرنے سے، اسافوٹیڈا ۳۰

" (صفراوی) دردِ سر کے دوران۔ آئرس درس ۳۰

" آنکھوں کے سامنے دھواں اور چکر، جلسی میم ۳۰

" مرطوب سرد ہواؤں کے اثر سے، رسٹاکس ۳۰

جوں جوں دردِ سر بڑھتا جائے بینائی کم ہوتی جائے، زنکم ۳۰

" " " " " " " تیز ہوتی جائے، کالی بائکرام ۳۰

دھند دھوپ سے، اور ذکی الحسی، مرک سال ۳۰

دھند اعصابی کمزوری اور کثرت جماع وغیرہ سے، فاسفورس ۳۰

دھند آنکھوں میں درد خصوصاً باریک سلائی کرنے یا باریک حروف پڑھنے سے، روٹا ۳۰۔ ۲۰۰

کچھ وقت کے لئے بینائی کا جاتے رہنا، وضع حمل کے وقت، کیوپرم ۳۰

" " " " " " " " وضع حمل کے بعد، زنکم ۳۰

" " " " " " " " زچگی کی حالت میں، اورم میور ۳۰

" " " " " " " " دورانِ حیض، سیپیا ۳۰

بینائی کا جاتے رہنا بجلی گرنے کے اثرات سے، فاسفورس ۳۰

" " " " موسم گرما میں ٹھنڈے پانی میں نہانے سے یکایک، اکونائیٹ ۳۰

بینائی کا جاتے رہنا بغیر کسی ظاہری وجہ کے، چائنا ۳۰۔ ۲۰۰

بینائی دھندلی اور پھر ایکدم جاتی رہے، اسکولس گلیبرا ۳۰

آنکھ کے سامنے اندھیرا، ناک چھنکنے پر، کاسٹیکم ۳۰

اندھا پن حیض کی خرابیوں کی وجہ سے، سائکلمن ۳۰

" صرف رنگوں کا، سنٹونائن ۳۰

" فالجی کیفیتوں کے ساتھ، پلمبم ایسی ٹیٹ ۳۰

چیزیں سرخ معلوم ہوں، بیلاڈونا ۳۰

" نیلی معلوم ہوں، سٹرامونیم ۳۰

" سیاہ معلوم ہوں، کیپسیکم ۳۰

" زرد معلوم ہوں، سنٹونائن ۳۰

قریب نظری، فاسفورس ۲۰۰

دور نظری، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰

ضعف بصارت، باریک کام کرنے سے، روٹا ۲۰۰

" " پاؤں کا پسینہ دب جانے سے، سلیسیا ۲۰۰

" " بوڑھے آدمیوں کا، براٹیا کارب ۲۰۰

" " شرابیوں کا، نکس وامیکا ۲۰۰

" " جماع یا جلق کی کثرت سے، سنا ۳۰

" " کثرت مباشرت سے، فاسفورک ایسڈ × ۱

" " دماغی کمزوری اور تھکاوٹ کی وجہ سے، اورم مٹ ۳۰

" " رحمی خرابیوں کی وجہ سے یا چائے کے کثرت استعمال سے سیپیا ۳۰

ازدواج البصر ایک کے بجائے دو چیزیں برابر برابر نظر آئیں۔ سٹرامونیم ۲۰۰
〃 〃 〃 〃 〃 نیچے اوپر دکھائی دیں، سنیگا ۲۰۰

چیزوں کا صرف آدھا نچلا حصہ دکھائی دے، اورم مٹ ۲۰۰

آواز بیٹھ جانا

APHASIA

گانے والوں کی آواز بیٹھ جائے، ارجنٹم مٹ ۳۰
جلد جلد زکام ہونے کی وجہ سے آواز بیٹھ جایا کرے، الیومن ۳۰
زکام اور کھانسی کی وجہ سے آواز پڑ جائے، ہیپر سلفر ۳۰
گرم ہونے کی حالت میں ٹھنڈا پانی پینے کی وجہ سے آواز پڑ جائے، کروٹن ٹگ ۳۰
نئے زکام میں فوراً آواز بیٹھ جائے، کاسٹیکم ۳۰
جب جب مریض کو سردی لگے آواز جاتی رہے۔ انٹم کروڈ ۳۰
آواز بیٹھ جایا کرے، دوران حیض، جلسی میم ۳۰
〃 〃 〃 〃 قبل حیض، سفلینم ۲۰۰
〃 〃 〃 〃 صبح کے وقت کاسٹیکم ۳۰
〃 〃 〃 〃 شام کے وقت فاسفورس ۳۰
آواز کی گونج دیر تک کانوں میں رہے، پٹیلا ۳۰
عام جسمانی فالج کی وجہ سے آواز بند ہو جائے، کاسٹیکم ۲۰۰
نرخرے میں بد گوشت کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے، تھوجا ۳۰
صرف آلات نطق کے فالج کی وجہ سے آواز بند ہو جائے۔ آگزلک ایسڈ ۲۰۰

اپنڈیسائی ٹس، ورم زائدہ

APPENDICITIS

زائدہ مقام پر درد، ورم، بے چینی، کمزوری، بخار، آرسینک ۳۰
〃 〃 〃 رہ رہ کر اٹھنے والا شدید درد، چھونا برداست نہ ہو،
بیلاڈونا ۳۰
زائدہ مقام پر درد، قبض، ریاح کی زیادتی، لائیکوپوڈیم ۳۰
چوٹ کا سا درد اور رات کو تکلیفات کی زیادتی، مرک ۳۰
بے حد متلی اور سبز صفرا کی قے، شدید درد، پریشانی، آئرس ٹیکنس ۳۰
اگر مقام ماؤف پر زخم ہو جائے یا زخم کا اندیشہ ہو، کالی بائکرام ۳۰

احتلام

EMISSIONS

کثرت احتلام کے لئے عام طور پر کالی بروم ۳۰
پیٹ کی خرابیوں یا آلات تناسل میں غیر معمولی تیزی سے، چائنا ×۱
بیہودہ خیالات کی زیادتی، شدید استادگیاں اور شدید خواہش جماع،
پکرک ایسڈ ۳۰
جب بھی نفخ، قبض اور غذا اچھی طرح ہضم نہ ہو احتلام ہو جائے، نکس وامیکا ۳۰
عورتوں کو دیکھتے ہی (جاگنے کی حالت میں) منی خارج ہو جائے، کونیم ۲۰۰
احتلام جس میں خواب وغیرہ نہ دکھائی نہ دے، کیلیڈیم ۲۰۰

پاخانہ اور پیشاب کے وقت منی خارج ہوجایا کرے، نیوفرلوٹیم ۳۰
بلا استادگی احتلام ہوجایا کرے، موسکس ۳۰
جریان اور کثرت احتلام ساتھ ساتھ، کفوجا مدرٹنکچر پانچ قطرے فی خوراک۔
احتلام خون کا، مرک ۳۰
مذی کے غدود بڑھے ہوئے، ڈیجی ٹیلس ۳۰
کمزوری کی وجہ سے، تقریباً ہر کیس میں فاسفورک ایسڈ ۱×، ۱۰ قطرے نصف گلاس پانی میں۔
احتلام یا انزال سے کمزوری، چائنا ۳۰
احتلام یا انزال سے سکون و آرام، زنکم ۳۰
کثرت احتلام کے لئے نیٹرم فاس بھی عمدہ دوا ہے۔ عموماً ۱۲×

اسقاط حمل

ABORTION

کسی حادثہ، گرنے یا چوٹ آنے کی وجہ سے، آرنیکا ۲۰۰
جذبات کی زیادتی، خوف اور غصہ وغیرہ سے کیمومیلا ۲۰۰
حمل کے ابتدائی تین مہینوں میں، سبائنا ۲۰۰
زیادہ تر حمل کے پانچویں مہینے میں، روٹا ۳۰۔ ۲۰۰
خون سیاہ تاردار، معمولی سی حرکت سے جریان خون میں زیادتی، کروکس ۳۰
ہر درد سے پیشاب اور پاخانہ کی حاجت ہو، نکس وامیکا ۳۰
ناف کے گرد کاٹنے والے درد، خون چمکدار، سرخ، متلی، ایپیکاک ۳۰

اسقاط کا اندیشہ، رحم میں اینٹھن، درد کمر کے گرد ہوتا ہوا رحم میں جائے
وائی برنم ۳۰
اسقاط حمل کے بعد سمّی کیفیات یا سمّی کیفیات کا اندیشہ۔ پائروجن ۲۰۰
وہ مستورات جن کو عموماً اسقاط حمل ہوتا رہتا ہے اُن کے لئے کالی سلف ×۱۲
کی مداومت بہترین علاج ہے۔
اگر بار بار حمل ساقط ہو جاتا ہو تو سبب مرض دریافت کرنے کے بعد مادّہ مرض
کا علاج کیجئے۔
سیلان خون روکنے کے لئے :۔ دیکھیے سیلان خون کا بیان۔

اعصابی درد

NEURALGIA

خالص عصبی درد جلندار، شدید، سوئیاں چبھنے کا سا، منتقل ہونے والا، آرسینک ۳۰
ناقابل برداشت شدید درد، بیحد بے چینی، گرمی سے زیادتی، کیمو ملا ۳۰
درد کی ایک باریک لکیر سی معلوم ہو اوپر سے دبانے میں زیادتی، کیپسیکم ۳۰
کمزوری اور ماؤفہ حصص کا سُن ہو جانا، کالمیا ۳۰۔ ۲۰۰
درد اور سُن ہونا یکے بعد دیگرے، نیفالم ۳۰
درد یکایک بڑھیں اور یکایک کم ہوں، بیلاڈونا ۳۰۔ ۲۰۰
" " " اور آہستہ آہستہ کم ہوں، سبائنا ۳۰۔ ۲۰۰
درد آہستہ آہستہ بڑھیں اور آہستہ آہستہ کم ہوں، سٹانم ۳۰۔ ۲۰۰
" " " " " اور یکایک کم ہوں، سلفیورک السڈ ۳۰۔ ۲۰۰

چہرہ کا عصبی درد خصوصاً داہنی طرف، چہرہ سرخ تمتمایا ہوا، بیلا ڈونا ۳۰۔۲۰۰
〃 〃 خصوصاً بائیں جانب، درد چہرہ سے گردن تک جائے اور
آنکھوں کو ماؤف کرے، سپائی جیلیا ۳۰
نصف چہرہ کا درد جو ہاضمہ کی خرابی سے پیدا ہو، کالی بائکرام ۳۰
یکایک درد چہرہ اور سر کے داہنی جانب ۴ بجے شام سے ۸ بجے رات تک
زیادتی، لائکوپوڈیم ۳۰
ماؤفہ حصّہ کی سطح بیحد ذکی الحس، کالی آمڈ ۳۰
درد ماؤفہ عضو کو ہلانے یا چھونے سے بڑھے، درد شدید، زور سے دبانے سے کم ہو
چائنا ۳۰
داہنی جانب کا درد سینکنے سے کم ہو، مگنیشیا فاس ۶×
اعصابی درد جو طوفانی موسم میں بڑھے، روڈوڈنڈرن ۳۰
اینٹھن والے درد، عضو ماؤف سرد اور سُن، پلاٹینا ۳۰
اعصابی درد ہڈیوں میں درد کے ساتھ فائی ٹولکا ۳۰
چہرہ کے عضلات میں تشنج، سٹافی سیگریا ۳۰
اعصاب میں کھنچن کا سا درد، گرمی سے زیادتی، ٹھنڈک سے سکون، پلسا ٹیلا ۳۰۔۲۰۰
درد وتراً ہو یعنی اوپری حصّہ جسم میں داہنی طرف اور نیچے کے دھڑ میں بائیں جانب
یا اوپری حصہ جسم میں بائیں طرف اور نیچے کی دھڑ میں داہنی طرف، کالی بائکرام ۳
ہر قسم کے اعصابی درد میں پلانٹیگو کا استعمال زیادہ تر سودمند ہوتا ہے۔

اکوتہ، اگزیما

ECZEMA

اکوتہ جس میں چھالے پڑیں اور کھجلی ہو، ایلنس ۳۰
اکوتہ ہونٹوں پر، پیپر نائگرم ۳۰
اکوتہ کے ساتھ پیشاب کی تکلیفات، وائی اولا ٹرائی کلر ۳۰
خصوصاً انگلیوں یا اعضائے تناسل پر، زیادہ تر جاڑوں میں، پٹرولیم ۲۰۰
گُدّی پر زرد، کھرنڈ، سیپیا ۳۰۔ ۲۰۰
دُور تک پھیلا ہوا، جس میں شگاف ہوں اور لسدار پانی بہے، گریفائیٹس ۲۰۰
جسم کے مختلف حصوں پر رطوبت، پانی کی سی پتلی، مرطوب موسم میں زیادتی،
نیٹرم سلف ۲۰۰
اوپر موٹی پپڑی اور نیچے مواد بھرا ہوا۔ زیادہ تر سر پر، مزیریم ۲۰۰
بارش اور مرطوب موسم میں رسٹاکس ۲۰۰
گرمی سے سکون، آرسینک ۲۰۰
ٹھنڈک سے سکون، سلفر ۳۰۔ ۲۰۰
اکوتے کے دانے بالوں کی جڑوں میں، سلفر ۳۰
کانوں کے پیچھے جس پر موٹے کھرنڈ جم جائیں، ٹیلیوریم ۳۰۔ ۲۰۰
ہاتھوں کی پشت پر، بووسٹا ۲۰۰
" " دانے دار، پانی بہے، نیٹرم کارب ۲۰۰
تمام جسم پر، ٹیلیوریم ۳۰۔ ۲۰۰

کھوپڑی پر، اولنڈر ۲۰۰

" " کھرنڈ جمے ہوئے، بال گتھے ہوئے، شہد کا سا گاڑھا مواد،

گریفائٹس ۲۰۰

ہتھیلیوں پر، گریفائٹس ۲۰۰

چہرے اور آلات تناسل پر بیحد خارش، کروٹن ۲۰۰

چہرے پر، آلات تناسل پر، مقعد پر سہلانے سے پھوڑے کا سا درد، انٹم کروڈ ۲۰۰

〃 کھانے کے بعد کھانسی کم ہو جائے، اناکارڈیم ۳۰

بواسیری مسوں کے ٹھیک ہو جانے کے بعد کھانسی پیدا ہو، یوفریشیا ۳۰

کھانسی تیز اور کمزور کرنے والی، بلغم میٹھا اور متعفن، سٹانم ۳۰

بلغم پنیر کی گولیوں کی مانند اور متعفن، سورینم ۲۰۰

کھانسی میں بلغم جوار کے دانوں کا سا اور متعفن، بورکس ۳۰

〃 بائیں طرف لیٹنے سے تکلیف، ٹھنڈک سے زیادتی، فاسفورس ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 کمی، پلساٹیلا ۳۰

داہنی طرف لیٹنے سے کھانسی کی زیادتی، مرک سال ۳۰

کھانسی کی تکلیف کی وجہ سے پیٹ کو پکڑ لینا پڑے، کاربوانیلس ۳۰

کھانسی کی تکلیف کی وجہ سے پیٹ کے دونوں پہلوؤں کو پکڑ لینا پڑے، ڈروسرا ۳۰
〃 〃 〃 〃 سینہ کو پکڑ لینا پڑے، نیٹرم سلف ۳۰
〃 〃 〃 〃 مریض اپنے سر کو پکڑے یا زانو کو، نکولم ۳۰
〃 〃 〃 〃 سر کو تھامنا پڑے، برائی اونیا ۳۰
〃 〃 〃 〃 بچہ اپنے عضو تناسل کو پکڑ لے، زنکم ۳۰
〃 〃 〃 〃 مقعد میں درد ہو، لیکیسس ۳۰
شدید خشک کھانسی جو فم معدہ پر ہاتھ رکھنے سے کم ہو، کروکس ۳۰
کھانسی میں لیٹنے سے کمی، خصوصاً چت، بینگنم ۳۰
〃 〃 〃 〃 زیادتی 〃 〃 ، ہایوسیامس
کھانسی میں آگے جھک کر گھٹنے سینے سے لگا لینے سے آرام، آرسنک ۳۰
〃 〃 کرسی پر بیٹھ کر آگے جھکنے سے سکون، کروٹن ٹگ ۳۰
〃 〃 گھٹنوں کے نیچے سر کر لینے سے آرام، یو پیٹوریم پرف ۳۰
〃 〃 پیٹ کے بل لیٹنے سے آرام ہو، میڈرونیم
کھانسی اور دمہ میں اکڑوں بیٹھنے سے یعنی گھٹنوں پر کہنیاں رکھ کر بیٹھنے سے سکون،
میڈرونیم ۲۰۰
کھانستے وقت آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں، ٹھنڈک سے تکلیف، یوفریشیا ۳۰
کھانسی کو تمباکو نوشی سے آرام ہو، ارجنٹم نائٹ ۳۰
〃 میں تمباکو نوشی سے زیادتی، سٹافی سیگیریا ۳۰
〃 کے ہر دورے پر نکسیر، انڈیگو ۳۰
〃 رونے یا غصہ سے پیدا ہو یا بڑھے، انٹم ٹارٹ ۳۰

کھانسی ہنسنے سے پیدا ہو یا بڑھے، فاسفورس ۳۰

چھینک آنے سے کھانسی رک جائے، اگریکس ۳۰

کھانسی کے بعد چھینکیں آئیں، ہیپر سلفر ۳۰

سوزاک کے دب جانے سے مسلسل کھانسی، پنزوک الیسڈ ۳۰

انفلوائنزہ کے بعد مسلسل خشک کھانسی، سنگونیریا ۳۰

" " " " " " " جو کسی طرح قابو میں نہ آئے، سٹرکینا ۳۰

خسرہ کے بعد مزمن کھانسی، سٹکٹا ۳۰

ہر مرتبہ زکام کے ساتھ کھانسی اور دمہ کی سی کیفیت، سنگونیریا ۳۰

کھانسی جس سے سینہ اور حلق میں درد پیدا ہو جائے، انٹم کروڈ ۳۰

" صرف دن کے وقت، ببنگنم ۳۰

" صرف رات کو، مرک ۳۰

کھانسنے سے پیشاب نکل جائے، پلساٹیلا ۳۰

کھانسی جس میں آنسو نکلیں اور پیشاب بھی نکل جائے، کیپسیکم ۳۰

" حیض کے رک جانے کی وجہ سے، سینی شیو ۳۰

لیٹنے سے کھانسی، مریض خواہ کسی کروٹ لیٹے، جب تک لیٹا رہے کھانسی آتی رہے۔

لاروسریسس ۳۰

کھانسنے سے سر میں ایسا شدید درد پیدا ہو کہ کھوپڑی پھٹ جائے گی نکس وامیکا ۳۰

کھانسنے سے دور کے اعضا میں درد جیسے مثانہ، گھٹنا، ٹانگیں، کان، چوتڑ وغیرہ

کیپسیکم ۳۰

مزمن کھانسی، برانکائی ٹس Bronchitis

مزمن کھانسی، بلغم تاردار، مشکل سے نکلے، کالی بائکرام ۳۰

دورے والی کھانسی، بلغم بہت کم، آدھی رات کے بعد زیادتی، آرسنک ۳۰

مزمن کھانسی اور نمونیا ساتھ ساتھ (برانکو نمونیا) فاسفورس ۳۰-۲۰۰

کمزور مریض، بلغم زیادہ، رات کو لیٹنے سے اور گرم مکان میں زیادتی، مجبوراً اٹھ کر بیٹھنا پڑے، پلساٹیلا ۳۰

بوڑھے انسانوں میں بلغم نکالنے کی طاقت نہ ہو، ہاتھ پاؤں سرد، کاربوو ج ۳۰

بوڑھوں کی مزمن کھانسی، کمزوری کی وجہ سے بلغم نہ نکال سکیں، امونیم کارب ۳۰

دورے والی کھانسی، سانس میں دقت، دن کو خشک، رات کو تر، اپیکاک ۳۰

کالی کھانسی Whooping Cough

کھانسی کے آغاز پر اور حفظ ماتقدم کے لئے، کاکولیو جیلینم بہت مفید ہے۔

کالی کھانسی، غذا کی قے کے ساتھ، بغیر متلی کے قے، فیرم ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 〃 متلی کے ساتھ، اپیکاک ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 〃 آدھی رات کے بعد زیادتی، ڈروسرا ۳۰

〃 〃 دن میں کم اور رات کو بہت زیادہ۔ قے کے ساتھ، میفائٹس ۳۰

〃 〃 کے دورے جو ٹھنڈا پانی پینے سے کم ہوں، تشنج، کیوپرم ۳۰

شدید ترین کالی کھانسی، بشرطیکہ نزلاوی کیفیت موجود ہو، جسٹیشیا ۳۰

〃 〃 کھانسی، بچہ شروع ہی سے رونا شروع کر دے، جھٹکوں کی شدت سے

آنکھ وناک سے خون، آرنیکا ۲۰۰

کھانستے کھانستے آنکھوں کے پپوٹے ورم کر آئیں، کالی کارب ۳۰

اگر کھانسی کے دورے غصے سے شروع ہوں، انٹم ٹارٹ ۳۰

کالی کھانسی جو مدتوں چلتی رہے اور درست ہونے کا نام نہ لے، سیپیا ۳۰۔ ۲۰۰

کروپ کھانسی
Croup

دورے ہر دس پندرہ منٹ پر، آواز بیٹھ جائے اور سانس میں بلغم کی کھڑکھڑاہٹ

سپنجیا ۳۰

اندر سانس لینے میں آسانی ہو اور باہر نکالنے میں تکلیف، کالی کارب ۳۰

" " " تکلیف ہو " " " " آسانی، آرسنک ۳۰

کھانسی خشک ٹھنڈی ہوا سے، جلد میں خشکی، پریشانی، بیچینی، اکونائٹ ۳۰

دم گھٹنے کی وجہ سے بچہ سوتے سے جاگ پڑے اور سانس میں سیٹی کی سی آوازیں،

سمبوکس ۳۰

گلا گھونٹنے والی کھانسی، اس قدر شدید کہ دم گھٹتا معلوم ہو، آدھی رات کو زیادتی،

ہیپر سلفر ۳۰

کھانسی کے ساتھ گھوں گھوں کی آواز نکلے، سینہ میں آرہ کشی کی سی آواز، آدھی رات

کے قبل زیادتی، سپنجیا ۳۰

کھانسی میں زردی مائل تاردار بلغم جو مشکل سے نکل سکے، کالی بائکرام ۳۰

خشک بھونکنے والی کھانسی، سانس میں سیٹی کی سی آواز، بچہ گلے میں تکلیف کی

وجہ سے گلے کو پکڑے، آئیوڈیم ۳۰

(اس مرض میں ہیپر سلفر اور سپنجیا بہت خاص دوائیں ہیں)
دفتھیریا کے بعد کروپ کھانسی کیلئے آئیوڈیم بہترین دوا ہے۔

کیڑے

WORMS

سوتی کیڑے، کتوں کی سی بھوک، بچہ اپنی ناک کریدا کرے، بعض وقت متلی، سنا ۳۰
جلدی تکلیفات میں مبتلا، خنازیری مزاج کے بچے، سرگرم، پاؤں ٹھنڈے، سلفر ۳۰
موٹے دھوی مزاج کے بچے، رات کو سر پر پسینہ، پاؤں ٹھنڈے چپچپے، کلکیریا کارب ۳۰
شکم میں اپھار، بھوک زیادہ، قبض، لائکوپوڈیم ۳۰
دبلے پتلے بچے، بھوک زیادہ اور ہر وقت کھانے کے خواہشمند، آئیوڈیم ۳۰
بچہ چونک کر جاگے اور روئے، بستر میں پیشاب کردے، چہرہ سرخ، بیلاڈونا ۳۰
سوتی کیڑے، مقعد اور مبرز میں رینگیں اور خارش، ٹیوکریم میرم ۶
بھوک کی زیادتی، شکم میں اپھار، قبض، جلد میں خشکی، سپائی جیلیا ۳۰
کدو دانوں کیلئے فیلکس مس مدر ٹنکچر ۵ قطرے، فی خوراک۔
تک کی طرح کے کیڑے اور گول کیڑوں کیلئے آئل آف چینو پوڈیم۔ ۱۰ قطرے
فی خوراک، صرف تین خوراکیں۔
کیڑوں کی تکلیفات میں، ناک میں خارش اور شکم میں ذکی الحسی، سنٹونائن ۳
ہر قسم کے کیڑوں کیلئے چیلون ایک عجیب و غریب دوا ہے، مدر ٹنکچر ۵ قطرے فی خوراک۔

کیڑوں کا کاٹنا

WORMS BITE

مکھی، مچھر، پسو، بھڑ اور چوہوں کے کاٹنے میں لیڈم ۲۰۰

بچھو کا کاٹنا، خارجی طور پر، آرٹیکا یورنس (لٹ زیرہ) کا تازہ عرق یا اس کا مدر ٹنکچر لگائیں۔

کینسر، آکلہ CANCER

ہر عضو کے کینسر کا بیان اُنہی اعضاء کے بیان کے سلسلہ میں درج کیا جا چکا ہے۔
یہاں دوبارہ پھر لکھا جاتا ہے مگر اختصار کے ساتھ۔
اگر خاندان میں کسی کو کینسر ہو چکا ہے تو احتیاطاً کارسی نوسینم ۲۰۰ کبھی کبھی دیدیا کریں۔
کمزوری، پست ہمتی، سستی، قبض، بھوک ندارد، ہائڈراسٹس ۳۰
اگر کسی جگہ مزمن بنوڑی یا کہیں مخارج کی بلغمی جھلی پر کوئی دانہ یا داغ سا ہو جس پر کینسر کا شبہ کیا جا سکے، کیڈمیم سلف ۲۰۰
بالکل ابتدائی حالت میں جب کینسر کا یقین ہو جائے، کیڈمیم سلف ۲۰۰
اس کے بعد اگر ضرورت ہو تو آرسنک آئڈ ۳۰۔ ۲۰۰ بہت مفید ہے۔
ہر قسم کے میں بشرطیکہ تکلیفات ٹھنڈے مرطوب موسم میں بڑھ جایا کریں۔
اورم آرس عجیب دوا ہے۔

پستان کا آکلہ of breast

اگر تکلیف، چوٹ یا دباؤ کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہو، کونیم ۲۰۰
زخم کے کنارے پھٹے ہوئے، موٹے، ناہموار، کنڈورنگو ۲۰۰
دبلے پتلے، کمزور مریض، آرسنک آئڈ ۲۰۰
اگر زخم ہو جائے، مواد گندہ، ہائڈراسٹس ۳۰

اگر زخم سے محض خون آتا ہو، زخم کے کنارے خشک سخت ہے، خراش پیدا کرنے والا مواد، سنگونیر یا ۲۰۰

(تفصیل کے لئے پستانوں کا آکلہ)

حلق کا
of throat

یہ بات اب پایۂ تحقیق کو پہونچ گئی ہے کہ حلق کا کینسر زیادہ تر تمباکو نوشی سے پیدا ہوتا ہے، مندرجہ صدر دواؤں میں سے کسی کا انتخاب کیجئے ۔

زخم دردناک، رطوبت تاردار متعفن، زخم جیسے پنجے سے کٹا ہو، کالی بائکرام ۳۰

نگلنا دشوار ہو، معلوم ہو کہ حلق میں آگ کا گولہ رکھا ہوا ہے، گرم چیز سے تکلیف

فائی ٹولکا ۳۰

(دیکھئے حلق میں ورم اور زخم)

رحم کا

رحم میں دیرینہ سختی جو کینسر میں تبدیل ہو جائے، اورم آرس ۲۰۰

اگر بتوڑھی ہو اور خون جاری ہو تو اپی ہسٹرین ۲۰۰

رحم میں سختی، درد، گومڑ، کاربو انیلس ۲۰۰

(دیکھئے رحم کا کینسر)

منھ کا آکلہ
Concrumois

مندرجہ صدر دواؤں میں سے کوئی مناسب دوا انتخاب کر کے دیجئے ۔

منھ سے بدبو، زخم دردناک، رات کو تکلیفات کی زیادتی، آرسنک آئڈ ۳۰
ہونٹ کے آکلے کے لئے کنڈورنگو نہایت مفید ہے ۳
کینسر کے تمام کیسوں میں دوران علاج کبھی کبھی کارسی نوسینم یا کیبڈ ہیم سلف دیتے رہنا چاہیئے۔
(دیکھئے زبان اور منھ کی تکلیفیں)

گردن NECK

کالر یا گلو بند باندھنے سے الجھن ہو، لیکیسس ۳۰
گردن نہایت ذکی الحس کہ چھونا بھی برداشت نہ ہو، لیکیسس ۳۰
〃 کو بہر حال ڈھکا رکھنا پڑے، رسٹاکس ۳۰
〃 کے غدودوں کا کندھوں تک متورم ہونا، کریفائٹس ۲۰۰
〃 پر ورم، لائکو پوڈیم ۳۰
〃 پر نچلے کے سے دانے، سورینم ۲۰۰
〃 پر بار بار ہونے والے ریشے دار گومڑ، سلیسیا ۲۰۰
گھیگھا، آئیوڈیم ۲۰۰ — ۱۰۰۰ اور اوپر
〃 آبلے دار، کلکیریا ۲۰۰
〃 جس میں آنکھیں باہر نکل آئیں، آئیوڈیم ۲۰۰ - ۱۰۰۰
〃 پتھر کا سا سخت، سپنجیا ۲۰۰ - ۱۰۰۰
〃 گردن سن ہوجائے، سپنجیا ۲۰۰

گردن میں اکڑن Stiff neck

گردن اکڑ جائے ، داہنی طرف ، کاسٹیکم ۳۰

" " " بائیں جانب ، پلساٹیلا ۳۰

" میں فالجی کیفیت ، درد اور اکڑن ، کالچیکم ۳۰ - ۲۰۰

سردی اور مرطوبیت سے یا الٹا سیدھا سر رکھ کر سونے سے گردن میں اکڑن ، ڈلکامارہ ۳۰ - ۲۰۰

گردن کی داہنی طرف درد اور اکڑن ، چیلیڈونیم ۳۰ - ۲۰۰

" میں درد اور اکڑن ، چھونے یا ذرا سی حرکت سے بھی تکلیف بڑھے ، برائی اونیا ۳۰

گردن اور پیٹھ میں اکڑن ، ریڑھ میں ذکی الحسی ، سمی سی فوگا ۳۰ - ۲۰۰

سردی یا ہوا کے جھونکے سے گردن میں درد ، جو کندوں تک ہو ، اکونائٹ ۳۰

گردے کی تکلیفیں TROUBLES OF KIDNEYS

بالکل ابتدا میں جب محض بخار ہو ، چہرہ سرخ ، بیلاڈونا ۳۰ - ۲۰۰

ورم گردہ میں پیشاب رکا ہوا اور پیشاب کرنے میں تکلیف ، کینتھرس ۳۰

پیشاب رک جائے اور پیشاب میں خون ، ٹرنبتھنا ۲۰۰

" میں البیومن ، جسم میں استسقائی کیفیت ، پیاس ، گرمی سے سکون ، آرسنک ۳۰

" کم ، جسم میں استسقائی کیفیت ، ٹھنڈک سے سکون ، ایپس ۳۰

دوران حمل ، ورم گردہ اور پکنے کا اندیشہ ، مرک کار ۳۰

مزمن ورم، بے چینی، کمزوری، پیاس، جسم سرد، آرسنک ۳۰
چہرہ زرد، متورم، غذا کی قے، بعض وقت نکسیر، فیرم میٹ ۳۰
بخار، گدی میں درد، پیشاب کی باربار حاجت، جلسی میم ۳۰
گردوں کا مقام سن محسوس ہو، بربرس ۳۰
" کے مقام میں گرمی محسوس ہو، فاسفورس ۳۰
ورم گردہ دل اور جگر کی بیماریوں کے ساتھ، اورم ۳۰
گردے کے مقام میں بلبلے اٹھتے محسوس ہوں، میڈرونیم ۲۰۰
(نیز دیکھئے پتھریاں، پیشاب، مثانہ کی تکلیفات اور استسقاء)

گنگرین، ورم فاسد GANGRENE

اگر خون میں سمیت پیدا ہو جائے تو اکنیشیا مدر ٹنکچر دس قطرے فی خوراک
متعدی بیماریوں کی چھوت لگنے یا کسی زہریلے مواد کو چھو لینے سے، لیکیسس ۳۰
ہاتھ پاؤں ٹھنڈے، جلد میں نیلاپن، جلن دار درد، کمزوری، کاربوویج ۳۰
بے چینی، کمزوری، پیاس، جلن دار درد، مزمن تکلیفات، آرسنک ۳۰ - ۲۰۰
دیرینہ ورم، جسم سرد، اوڑھنا برداشت نہ ہو، سیکیل ۳۰
ورم فاسد زخموں کی وجہ سے پیدا ہوا ہو، یا عمل جراحی کے بعد، آرنیکا ۲۰۰
فاسد اور زہریلے ورم، بخار شدید، پائروجن ۲۰۰
ورم فاسد، ٹھنڈک سے اور چھونے سے نہایت ذکی الحسی، ہیپر سلفر ۲۰۰

گھیگھا GOITRE

ابتدائی حالت میں عام طور پر تھفر یڈین ۲۰۰

دق کی خاندانی ہسٹری کے ساتھ گھیگھا، ڈروسرا ۱۰۰۰

گھیگھا سخت، چھونے سے درد اور ذکی الحسی، کالی آئڈ ۲۰۰

حلق کے غدود متورم، گھیگھا پرانا اور سخت، سپنجیا ۲۰۰ ۔ ۱۰۰۰

دبلے، پتلے کمزور یا فربہی کی طرف مائل مریض جو غدودوں کی تکلیفات میں مبتلا رہیں، کلکیریا آئڈ ۲۰۰

گھیگھا پرانا اور سخت جس میں آنکھوں کے ڈھیلے باہر نکل آئیں، سٹرونشیم کارب ۳۰

گھیگھے کے پرانے مریض، سردی کے نہایت ذکی الحس، آئیوڈیم ۱۰۰۰ ایک شب ماہ کے دوسرے دن سے مسلسل تین روز تک۔

گھیگھے کے مریضوں میں قلبی تکلیفات، سٹرونشیم کارب ۳۰

لُو لگنا، سن سٹروک SUN STROKE

لو لگنے کی نہایت مشہور اور کامیاب دوا، گلونائن ۳۰ ۔ ۲۰۰ ہے۔

شدید بخار، پھٹنے والا دردِ سر، بیہوشی، رعشہ، جھٹکے وغیرہ وغیرہ، گلونائن ۳۰ ۔ ۲۰۰

آنکھیں سرخ، چہرہ تمتمایا ہوا، سر گرم، پیر ٹھنڈے، درد سر، بیلاڈونا ۲۰۰

شدید پیاس، چہرہ زرد، معلوم ہو کہ جسم سے کسی نے خون چوس لیا ہے، منہ خشک نیٹرم میور ۲۰۰

گرمی کی شدت سے یکایک طاقت زائل ہو جائے، خواہ آفتاب کی گرمی ہو یا مصنوعی، سیلینیم ۲۰۰

مثانہ BLADDER

پیشاب کر چکنے کے بعد بھی مثانہ میں پیشاب کے بھرے ہونے کا احساس، سٹافی سیگریا ۲۰۰
" کرتے وقت مثانہ کی گردن میں سخت درد، پالی گونم ۳۰
بوڑھوں کے مثانہ کی کمزوری، کاسٹیکم ۲۰۰
اگر ورم، گردے کی تکلیف یا پتھری کی تکلیف کی وجہ سے ہو اور مواد آرہا ہو، پریرا بریوا
گردہ، مثانہ، پیشاب کی نالی اور تمام متعلقہ اعضا میں جلن، ٹربنتھا ۲۰۰
گٹھیا وی اور شرابی انسانوں میں مثانہ کی تکلیفات، نکس وامیکا ۳۰
مثانہ میں گومڑ، کلکیریا کارب، ۳۰ - ۲۰۰
" سے ہوا خارج ہو، سارسا پریلا ۳۰
" میں درد پیشاب کرنے کے قبل، نکس وامیکا ۳۰
" " " " " کے آغاز پر، کینتھرس ۳۰
" " " " " کے دوران، پلساٹیلا ۳۰
" میں درد جماع کے بعد، ایلم سیپیا ۳۰
" " درد حیض کے دوران، سیپیا ۳۰
" " " " پیشاب کے روکنے سے، پلساٹیلا ۳۰
" " " " ٹھنڈک لگ جانے سے، ڈلکامارہ ۳۰

مثانہ میں درد پتھری کے آپریشن کے بعد، سٹافی سیگیریا ۲۰۰

مثانہ میں ورم

عام طور پر کینتھرس ۳۰

مثانہ میں ورم حیض یا بواسیر کا خون رک جانے سے، نکس وامیکا ۳۰

〃 〃 〃 چوٹ لگ جانے یا دھونس جانے کے بعد، آرنیکا ۲۰۰

〃 〃 〃 سردی اور مرطوبیت کی وجہ سے، ڈلکامارہ ۳۰

〃 〃 〃 اور پیشاب کی مسلسل حاجت، کینتھرس ۳۰

ورم کی وجہ سے عورتوں کی پیشاب کی نالی میں جلن دار کاٹتے والا درد، بربرس ۶-۳۰

بوڑھی عورتوں کے مثانہ اور گردن مثانہ میں تکلیف، کوپے یا ۶ - ۳۰

مثانہ کا فالج Paralysis

مسلسل یہ احساس کہ مثانہ ابھی پورے طور پر پیشاب سے خالی نہیں ہوا ہے۔

سیکیل ۳۰

پیشاب، کھانسنے، چھینکنے اور ہنسنے سے نکل جائے، کاسٹیکم ۲۰۰

〃 بیٹھتے وقت یا چلنے میں نکلے، پلساٹیلا ۳۰

〃 مسلسل اور بار بار، جلسی میم ۲۰۰

(تفصیل کے لئے دیکھئے پیشاب کی تکلیفات)

محسوسات، توہّمات
DELUSIONS

معدہ اور شکم کے لٹکے ہونے کا احساس، سٹافی سیگیریا ۲۰۰
منورم غدود میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس، کونیم ۲۰۰
مریض کو اپنے جسم میں خون دوڑتا ہوا محسوس ہو، اگزلک ایسڈ ۲۰۰
ہر وقت سانپوں کا احساس، لیک کنینم ۲۰۰
پورے بدن میں آگ کی سی گرم سوئیاں چبھنے کا احساس، آرسنک ۳۰
〃 〃 〃 برف کی سی ٹھنڈی سوئیاں چبھنے کا احساس، اگریکس ۲۰۰
حلق میں کسی چیز کا پھنسا ہوا محسوس ہونا، لیکیسس ۳۰
اپنے کو بھینگا محسوس کرنا، پاڈو فائلم ۳۰
یہ وہم کہ گویا اسے زہر دیا جانے والا ہے، رسٹاکس ۲۰۰
〃 کہ کوئی شخص اس کے ساتھ بستر میں لیٹا ہوا ہے، پٹرولیم ۲۰۰
〃 کہ کینسر ہو گیا ہے اسے، وریٹرم ۲۰۰
〃 کہ گویا مرگی میں مبتلا ہے، اٹروپینم ۲۰۰
〃 کہ اس کا مرض (خیالی) لا علاج ہے، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰
اپنے کو خواہ مخواہ مجرم سمجھنے کا وہم، لاروسریسس ۲۰۰
دق میں مبتلا ہونے کا ڈر لگا رہے، کلکیریا کارب ۲۰۰
یہ وہم کہ گویا حلق میں ورم ہے، گلونائن ۲۰۰
دورہ ہو جانے کا وہم، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰

اپنا دم گھٹنے کا وہم، فاسفورس ۲۰۰
اپنی شفا سے مایوس، کلکیریا ۲۰۰
〃 نجات سے مایوس، لیکیسس ۲۰۰
سر میں سن ہونے کا احساس، گریفائٹس ۲۰۰
دماغ میں سن ہونے کا احساس، کونیم ۲۰۰
پیٹ میں کسی زندہ جانور کا احساس، تھوجا ۲۰۰
〃 〃 〃 سخت چیز کے گھومنے کا احساس، لائکوپوڈیم ۲۰۰
مریض کو خود اپنے دل کا احساس ہو، ایبرس ۶
حلق میں مچھلی کے کانٹے یا کسی لکڑی کا احساس ہو، ہیپر سلفر ۳۰
مریضہ کو اپنے رحم کا احساس ہو، ہیلونائس ۳۰
اندرونی ماؤف اعضا میں ڈھیلے پن کا احساس، سیپیا ۳۰
〃 اعضا پر (جیسے قلب پر، دماغ پر) قطرہ ٹپکنے کا احساس، کنالیس سٹائیوا ۳۰
معلوم ہو کہ جلد کے نیچے کیڑے رینگ رہے ہیں، کوکینم ۲۰۰
جسم کے اندر گولے کا احساس، اگنیشیا ۳۰
(دیکھئے مراق)

مراق، مالیخولیا HYPOCHONDRIASIS OR MELANCHOLIA

اپنے کو خواہ مخواہ بیمار تصور کرے، خیالی بیماریوں سے تکلیف، اگنیشیا ۳۰
زہر دیئے جانے یا قتل کئے جانے کے خوف سے پریشان، ہایوسیامس ۳۰-۲۰۰

بالکل لاپرواہ، کسی بات کی بھی دیکھ بھال نہ کر سکے، سمی سی فوگا ۲۰۰
مکمل لاپرواہ، مردہ دل اور زندگی کے تمام معاملات سے بے تعلق، فاسفورک ایسڈ ۳۰
مریض یہ محسوس کرے کہ اس کے ہوش و حواس کھوئے جا رہے ہیں، کلکیریا کارب ۳۰
اگر مراقی تکلیفات تجرد کی زندگی گزارنے سے پیدا ہوئی ہو، کونیم ۲۰۰
نجات کی فکر، قبل دوپہر، کلیجہ بیٹھنے کا احساس، سلفر ۳۰
مایوس غمگین، ذرا ذرا سی بات پر رونے لگے، اگنیشیا ۳۰
اپنی موت کا یقین، بے صبر، بے چین، غمگین، متفکر، آرسنک ۳۰۔ ۲۰۰
اپنے آپ کو خواہ مخواہ بیمار سمجھنا، لائکوپوڈیم ۲۰۰
بیمار ہوتے ہوئے اپنے کو ہر طرح تندرست سمجھنا، آرنیکا ۲۰۰
ہر شخص کو اپنا دشمن اور مخالف جاننا، مرک سال ۲۰۰
اپنی زندگی کو ہر وقت خطرہ میں محسوس کرنا، کاربو وج ۲۰۰
اپنے کو بہت اعلیٰ وارفع اور دوسروں کو حقیر و ذلیل سمجھے، مغرور خود پسند، پلاٹینا ۲۰۰
اس درجہ احساس کمتری کہ ہر شخص اپنے سے بہتر و برتر نظر آئے، ہایوسیامس ۲۰۰
نہانے سے نفرت، گندگی پسند اور خواہ مخواہ کے بحث و مباحثہ میں مبتلا، سلفر ۳۰۔۲۰۰
مسلسل واہیات و بیہودہ گفتگو اور خواہ مخواہ کی ہنسی، سٹرامونیم ۲۰۰
خواہ مخواہ کی لعنت ملامت، قسمیں کھائے، کبھی غصے کے دورے، مارے پیٹے، سٹرامونیم ۲۰۰
ہر وقت بکے جائے، گائے اور اشعار فرماتا رہے، سٹرامونیم ۲۰۰

غیبی آوازوں کے سننے اور ارواح سے باتیں کرنے کا یقین، نبوت کے دعوے،
سٹرامونیم ۲۰۰
(دیکھئے توہمات)

مرگی، صرع
EPILEPSY

دورہ کی حالت میں ماسکس ۳۰ بار بار دینا نہایت مفید ہے۔
معمولی قسم کے نوبتی دورے جس میں ہوش و حواس قائم رہیں، السنتھنا ۳۰-۶
شدید دورے، جس کی وجہ سے آنکھیں اور پورا جسم ٹیڑھا ہو جائے، سائی کوٹا ۲۰۰
ڈر یا کسی دماغی تحریک کی وجہ سے بار بار دورے ہوں، ارج بیشیا ولگرس ۶
مردوں میں انگشت زنی سے تباہی کے نتائج میں بیوفو ۲۰۰
عورتوں میں انگشت زنی اور خواہشات نفسانی سے تباہی کے بعد، پلاٹینا ۲۰۰
حیض کے دوران یا کسی شہوانی تحریک سے، بیوفو ۲۰۰
سوتی کیڑوں کی وجہ سے بچہ چوتڑ اٹھا کر سوئے، مبرز میں خارش، سنا ۳۰
نیند کی حالت میں دورے، قبض، غنودگی، اوپیم ۲۰۰
ہر قسم کے مرگی کے دورے، چاہے ہوش رہتا ہو یا بے ہوشی ہو جاتی ہو، اورم آرسن ۲۰
پانی یا چمک دار اشیا کے دیکھنے سے، سٹرامونیم ۲۰۰
شدت خوف یا شدت غضب میں، زبان میں لڑکھڑاہٹ، سٹرامونیم ۲۰۰
غلبۂ شہوت اور کثرت مباشرت سے، دورہ حیض کے دوران یا ایک آدھ روز قبل یا
بعد، کالی برومم ۳۰
آلات ہضم کی خرابی سے اور دورہ سے قبل ریاح کی زیادتی، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰

دورہ کی حالت میں زبان کٹ جایا کرے، السینتھیمم ۳۰
〃 سے پہلے ریڑھ میں ٹھنڈک محسوس ہو، اگریکس ۲۰۰
مرگی کے دورے جو صرف لوگوں کی موجودگی میں ہوں، تنہائی میں نہ ہوں، ٹیرنٹولا ۲۰۰
〃 〃 جماع کے دوران، بیوفو ۲۰۰
ہسٹیریا اور مرگی ساتھ ساتھ، اورم مٹ ۲۰۰
ہر قسم کی مرگی کیلئے اونتھی کروکاٹا x ۳ اور ٹینیا سیٹم کی بہت زیادہ سفارش کی گئی ہے۔

مسوڑھوں کا پھولنا GUMBOIL

مسوڑھوں میں یکایک بادی پن پیدا ہو جائے، پھول جائیں، بیلاڈونا ۲۰۰
اگر مسوڑھے اکثر پھول آتے ہوں اور تکلیف رہتی ہو، مرک سال ۲۰۰
مسوڑھے متورم، خون نکلتا ہو اور کبھی کبھی مواد، پائیریا کالی کارب ۲۰۰
مسوڑھوں میں زخم، پھڑیاں، جن سے مواد اور خون نکلے، مرک سال ۳۰
〃 کی تکلیفات ہڈیوں کی تکلیفات کے ساتھ، فاسفورس ۳۰
〃 〃 〃 جن سے جبڑے کی ہڈیاں تک ماؤف ہوں، ہیکلا وا، ۳x
زخموں کی وجہ سے مسوڑھے گلنا شروع ہو جائیں، مرک سال ۳۰
مسوڑھوں میں درد، دانت نکلوانے کے بعد، نکس وامیکا ۳۰
〃 پر سکروی کے زخم جن سے مسوڑھے گلنے جائیں، مرک سال ۳۰
〃 کی خرابی کے ساتھ ہاضمہ کی خرابی، زبان پر سفید میل، انٹم کروڈ ۱۲-۳x
دانتوں کا ناسور، مسوڑھے متورم پکے ہوئے، لائکو پوڈیم ۳۰

(اور دیکھئے دانت کی تکلیفیں)

مسّے

WARTS

کانٹے دار مسے کثرت سے: ہاتھوں پر، بازوؤں پر، چہرے پر، پپوٹوں پر وغیرہ
کاسٹیکم ۲۰۰

بے شمار چھوٹے چھوٹے کانٹے دار مسے جن میں خارش اور ڈنک کا سا درد ہو،
کلکیریا ۳۰۔ ۲۰۰

بڑے بڑے گوبھی کے پھول کی طرح کے مسے اوپر کے ہونٹ پر، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

مسے ہتھیلیوں پر، نیٹرم میور ۲۰۰

〃 〃 کی پشت پر، ڈلکامارہ ۳۰۔ ۲۰۰

〃 انگلیوں پر، کالی کارب ۳۰۔ ۲۰۰

〃 قضیب کی جڑ میں، انٹم ٹارٹ ۲۰۰

〃 حشفہ پر چھوٹے چھوٹے دانے یا مسے، تھوجا ۲۰۰

〃 〃 کے پیچھے، انٹم کروڈ ۲۰۰

〃 گھونگھٹ پر، سنابیرس ۲۰۰

〃 〃 کے کناروں پر، بڑے اور سخت، سیپیا ۲۰۰

〃 شرم گاہ کے گرد، سٹافی سیگیریا ۲۰۰

〃 ٹھوس اور نکیلے، کاسٹیکم ۲۰۰

〃 ملائم ریشے دار، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

〃 سیاہ رنگ کے، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

〃 سرخ رنگ کے، کلکیریا ۲۰۰

مسے گوبھی کے پھول کی طرح کے، تھوجا ۲۰۰

معدہ کی تکلیفیں، شکم کی تکلیفیں

ہاضمہ کی خرابیاں GASTRIC DISORDERS

غذا کی خرابیاں

سہولت بیان کی خاطر معدہ کی تکلیفات کو مختلف سرخیوں کے ماتحت تقسیم کر دیا گیا ہے، جن کا بیان ردیف وار اپنی جگہ پر ہے۔ مثلاً بدہضمی بھوک، پیٹ پھولنا، تیزابیت، ڈکاریں، درد شکم، ذائقہ، ریاح، کلیجہ جلنا وغیرہ۔

۱۱ بجے دن میں کلیجہ بیٹھنے کا احساس اور کمزوری، سلفر ۳۰

معدہ میں آگ کی طرح جلن مگر پیاس نہ ہو، ایپس ۳۰

" " کسی چیز کا حرکت کرتے محسوس ہونا، کروکس ۳۰

" " صرف ٹھنڈا پانی رہ سکے، گرم ہوتے ہی قے ہو جائے، فاسفورس ۳۰

" " " گرم پانی رہ سکے، چیلیڈونیم ۲۰۰

رقیق اشیاء حلق سے معدہ تک جاتی محسوس ہوں، ہائڈروسیانک ایسڈ ۲۰۰

کھانے کے فوراً بعد کمزوری محسوس ہو، آرسنک ۳۰

" " " بھوک اور خالی پن کا احساس، گرنڈیلیا ۳۰

بھوک پاخانہ کے بعد، پٹرولیم ۳۰

" پاخانے کے دوران ، ایلو ۳۰

گرم غذائیں موافق آئیں ، لائکوپوڈیم ۳۰

ٹھنڈی غذائیں موافق آئیں ، پلسا ٹیلا ۳۰

مرغن غذاؤں سے تکلیف ، پلسا ٹیلا ۳۰

" " " آرام ، نکس وامیکا ۳۰

غذا کی خواہش ، اونیم اینی مل ۳۰

غذاؤں سے نفرت ، نیٹرم میور ۳۰

روٹی اور ترکاریاں نہ کھائی جا سکیں ، ہائڈراسٹس ۶

گرم اشیاء پینے سے تکلیف ، فاسفورس ۳۰

" " " " آرام ، لائکوپوڈیم ۳۰

مٹھائی کی خواہش ، ارجنٹم نائٹ ۳۰

" سے نفرت ، کاسٹیکم ۳۰

" کھانے سے تکلیف ، ارجنٹم نائٹ ۳۰

نمک زیادہ کھانے سے تکلیفات ، فاسفورس ۳۰

زیادہ نمکین چیزوں کی خواہش ، کلکیریا کارب ۳۰

سرکہ اور کھٹی چیزوں کے کھانے سے تکلیفات ، انٹم کروڈ ۱۲-۳۰

" " " " " کی خواہش ، سیپیا ۳۰

خربوزہ اور تربوز کھانے سے تکلیفات ، زنجبیر ۳۰

آلو کی کثرت سے پیدا ہونے والی پیٹ کی خرابیاں، الیومنا ۲۰۰
دودھ کی خواہش، لیکیسس ۳۰
〃 سے نفرت، کاربوورج ۳۰
〃 پینے سے متلی کم ہو جائے، چیلیڈونیم ۲۰۰
〃 〃 〃 دست، نیٹرم کارب ۳۰
〃 〃 〃 (ٹھنڈا) قبض رفع ہو جائے، آئیوڈیم ۳۰
〃 〃 〃 معدہ میں اپھار، کونیم ۳۰
〃 〃 کے بعد ڈکاریں، زنکم ۳۰
〃 〃 سے ریاح کی زیادتی ہو، نیٹرم کارب ۳۰
〃 〃 〃 معدہ کی تکلیفات کو آرام ہو، گریفائٹس ۲۰۰
چاک، کوئلہ، مٹی، کھریا مٹی اور نا قابل ہضم اشیاء کھانے کی خواہش، الیومنا ۲۰۰
تازے گوشت سے تکلیف مگر باسی سے نہ ہو، کاسٹیکم ۲۰۰
باسی مچھلی، سڑا گوشت اور گندی چربیلی غذاؤں سے تکلیف، کاربوورج ۳۰
گوشت سے نفرت، کلکیریا ۳۰ - ۲۰۰
مچھلی سے نفرت، لائیکوپوڈیم ۳۰
جسمانی گندی رطوبتوں کا کھانا، وریٹرم البم ۳۰
انڈے کھانے سے تکلیفات پیدا ہوں، فیرم مٹ ۳۰
چٹورے پن سے تکلیفات پیدا ہوں، کاربوورج ۳۰
پیاز کی زیادتی سے تکلیفات پیدا ہوں، لائیکوپوڈیم ۳۰

چائے کی زیادتی سے تکلیفات پیدا ہوں، سیلینم ۲۰۰

سبز ترکاریاں زیادہ کھانے سے تکلیفات پیدا ہوں، نیٹرم سلف ۳۰

خشک غذاؤں سے تکلیفات پیدا ہوں، کلکیر یا کارب ۳۰

میدے کی بنی ہوئی چیزیں کھانے سے تکلیف، نیٹرم سلف ۳۰

برف یا ملائی کی برف وغیرہ سے تکلیف، آرسنک ۳۰

بہت زیادہ کھا جانے سے معدہ کی خرابیاں، متلی، زبان سفید، انٹم کروڈ ۱۲

ذراسی غذا کے بعد بھی اپھارا اور قبض، لائکوپوڈیم ۳۰

کھانے کے بعد غذا منہ کو چڑھ چڑھ آئے۔ فم معدہ میں بیٹھنے کا احساس، سلفر ۳۰

ہر وقت کھانے کی خواہش، آئیوڈیم ۳۰

پیٹ کے غدود متورم، آئیوڈیم ۲۰۰

بچوں کے شکم کے غدود کا بڑھ جانا، کلکیریا ۳۰-۲۰۰

جن عورتوں کے زیادہ بچے ہوئے ہوں ان کا پیٹ بڑھ کر لٹک جائے، سیپیا ۲۰۰

شکم کی سطح پر شگاف پیدا ہو جائیں، سلیسیا ۲۰۰

〃 〃 جلد میں درد کھانستے اور چھینکتے وقت، پیلیڈیم ۳۰

اگر معدے کی تکلیفات کا سبب کیڑے ہوں، سنا ۳۰

معلوم ہو کہ معدہ میں پانی بھرا ہوا ہے، کالی کارب ۳۰

مسلسل ڈکاریں اور کھٹی رطوبات قے، روبی نیا ۳۰

پیٹ کی تمام تکلیفوں کو کھانے سے آرام، انا کارڈیم ۳۰

شکم کی تمام تکلیفات کو شکم ننگا کرنے سے سکون حاصل ہو، ٹوبیکم ۳۰

شکم بڑھا ہوا اور نشوونما کی بے قاعدگی، سلیسیا ۳۰
(دیکھئے بد ہضمی)

دردِ معدہ Gastralgia

معدہ میں بھاری پن اور معدہ بیٹھنے کا مسلسل احساس، ہائڈراسٹس ۳۰
تمباکو کی زیادتی سے دردِ معدہ اور معدہ کی دوسری تکلیفات، سٹافی سیگیریا ۳۰
پیٹ میں مروڑ کے سے درد کے دورے، نکس وامیکا ۳۰
اینٹھن والے درد، خاص کر کھانے کے بعد، بسمتھ ۳۰
معدہ میں درد اور تکلیف، ثقیل غذاؤں کی وجہ سے، نکس وامیکا ۳۰
" " " " ، مرغن غذاؤں کی وجہ سے، پلساٹیلا ۳۰
فمِ معدہ میں درد، ورم اور قبض، برائی اونیا ۳۰
" " " " " اور ریاحوں کی زیادتی، کاربوویج ۳۰
معدہ میں بھاری پن خالی پیٹ، فلورک ایسڈ ۳۰
" " " " گوشت کھانے کے بعد، کالی بائکرام ۳۰
" " " " ٹھنڈی چیزیں پینے کے بعد، آرسنک ۳۰
" " درد، ورم اور ڈکاروں کی زیادتی، ارجنٹم نائٹ ۳۰
فمِ معدہ میں درد جو پیٹھ تک جائے، کالی کارب ۳۰
غذا کی نالی کی تنگی خواہ کسی وجہ سے بھی ہو (سینہ کے سامنے والی ہڈی کے نیچے درد،
ایسا معلوم ہو کہ غذا وہاں پھنس کر اُتر رہی ہے) کنڈورنگو ۳۰
(تفصیل کے لئے دیکھئے بد ہضمی اور پیٹ پھولنا وغیرہ)

معدہ میں زخم Gastric Ulcer

معمولی زخم، چھونے سے تکلیف، متلی، سرخ رنگ کا خون آئے، اپیکاک ۳۰

〃 〃 سیاہ رنگ کا خون خارج ہو، ہمامیلس ۳۰

معدہ میں زخم، چھونے سے ذکی الحسی، رطوبتیں تاردار، کالی بائکرام ۳۰

〃 〃 〃 ، سختی اور ریاحوں کی زیادتی، کاربوانیملس ۳۰-۲۰۰

زبان سرخ، خشک، پیاس اور مسلسل بخار آرسنک ۳۰

بوڑھے آدمیوں میں کینسر کا شبہ اور اجتماع ریاح، ارنیتھوگالم ۳ یا مدر ٹنکچر، صرف ایک خوراک

غذا کی بے اعتدالیوں اور معدہ کی دیرینہ خرابیوں کی وجہ سے معدہ میں زخم، کاربوو ج ۲۰۰

جب کسی طرح قابو میں نہ آئے تو اٹروپین سلف ۲ گرین

جب کینسر کا یقین ہو جائے تو کیڈمیم سلف ۲۰۰

(نیز دیکھئے کینسر)

مقعد اور مبرز کی تکلیفیں ANUS AND RECTUM DISEASES

مقعد کھلی معلوم ہو، فاسفورس ۳۰

بواسیری مسوں میں درد، کھانسنے وقت، کالی کارب ۳۰

مقعد میں درد کھانسنے وقت، لیکیسس ۳۰

〃 مفلوج اور نرم پاخانہ بھی مشکل سے ہو، الیومنا ۳۰

مقعد کے گرد سیون پر دانے : پپڑی دار، کھجلانے والے یا کھجلی کے، پٹرولیم ۲۰۰
" کے نزدیک اور چوتڑوں پر درد کرنے والی پھڑیاں اور آبلے، کاسٹیکم ۲۰۰
مبرز کے اندر دانے پڑجائیں، سلفیورک ایسڈ ۲۰۰
پاخانہ کا مقام سن معلوم ہو، فاسفورس ۳۰

خارش *Pruritus ani*

کیڑوں کی وجہ سے مقعد میں متواتر خارش، ٹیوکریم ۶
پاخانہ کے بعد مقعد میں خارش ہوا کرے، ٹبلیوریم ۶
مقعد میں خارش اور رینگن، اگنیشیا ۳۰
" " " " " ، پاخانہ کے قبل، سپنجیا ۳۰
مقعد میں خارش اور جلن اور سوئیاں چبھنے کے سے درد، ایلومنا ۲۰۰
بواسیر کے مریضوں میں مقعد میں خارش، اسکولس ۳۰
مقعد میں خارش، شرم گاہ میں خارش کے ساتھ امبرا ۳۰ - ۲۰۰
" " " ، حیض کے دوران، کاربوو ج ۳۰

شگاف، جلن اور درد

مقعد میں خارش، جلن، ورم، شگاف، پاخانہ کے بعد درد، پی اونیا ۳۰
" " شگاف، دائمی قبض اور بواسیری تکلیفات، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰
شگاف، بٹس اور پھوڑے کا سا درد پاخانہ آنتوں سے لپٹا ہوا، گریفایٹس ۲۰۰
مقعد سرخ ہو جائے اور جلن ہو، سلفر ۳۰

مقعد اور مبرز میں جلن اور درد، پاخانہ ہو چکنے کے بعد دیر تک رہے، قبض رہتا ہو، رٹنہیا ۲۰۰

مقعد میں گویا ٹھنڈک بھری ہوئی ہے، سلفر ۳۰

〃 〃 درد جو آلات تناسل تک پہونچے، سیپیا ۳۰

〃 کے گرد لال پھنسیاں، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

〃 کے مقام میں رسولی یا بدگوشت، فاسفورس ۲۰۰

〃 کا تنگ ہو جانا، لیکیسس ۳۰

〃 میں ڈھیلا پن، گویا مقعد کھلی ہوئی ہے، فاسفورس ۲۰۰

〃 میں خشکی۔ بواسیری تکلیفات، اسکولس ہپ ۳۰

〃 میں دانے، سلفیورک ایسڈ ۳۰

〃 میں ورم، اسکولس ہپ ۳۰

〃 〃 〃 دوران حیض، سیپیا ۳۰

〃 میں سیون کے مقام میں ورم، تھوجا ۲۰۰

مبرز میں جلن، پاخانہ کی شدید حاجت اور مبرز مفلوج، ایلو ۳۰

مقعد میں جلن اور پھوڑے کا سا درد، بواسیری تکلیفات، کمر میں سخت درد، اسکولس ہپ ۳۰

مقعد میں مسلسل تھوڑا تھوڑا سا درد ہوتا رہے اور پاخانہ کے بعد شدید درد جو دیر تک ہو، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

بیٹھنے پر مقعد میں اینٹھن کے سے درد، لیٹنے سے کمی، نیگنم ۳۰

چلتے وقت پاخانہ کے مقام پر درد، کاسٹیکم ۲۰۰

مروڑ، جلن اور شدید درد، کیپسیکم ۲۰۰
مقعد میں بھالے لگنے کے سے درد جو اوپر کی طرف جائیں، فاسفورس ۳۰
〃 〃 درد حیض کے دوران، ایلو ۳۰

کانچ نکلنا *Prolapsus ani*

پاخانہ سے پہلے روٹا ۲۰۰
〃 پر تھوڑا زور لگانے سے، اگنیشیا ۲۰۰
〃 کے دوران، سیپیا ۳۰
〃 〃 بعد، پاڈوفائلم ۳۰
پیشاب کرتے وقت، جبکہ پیشاب کے لئے زور لگانا پڑے، میورٹیک ایسڈ ۲۰۰
ریاح خارج کرتے وقت، ویلریانہ ۳۰
اچانک حرکت سے، کھانسنے سے، چھینکنے سے، پیشاب کرنے پر، ہر پاخانہ کے ساتھ
پاڈوفائلم ۳۰
سخت پاخانہ کے قبل، روٹا ۲۰۰
قے کرتا ہو جب، پاڈوفائلم ۲۰۰
کانچ نکلنے کے دوران میں مقعد سکڑ جائے، لیکیسس ۳۰
دستوں کے دوران، ڈلکامارہ ۳۰
دوران حیض، پاڈوفائلم ۲۰۰
وضع حمل کے بعد، پاڈوفائلم ۲۰۰
بواسیر کے دوران کانچ کی تکلیفات، کالنسونیا ۳۰

زخم
ulcers in

سیون پر یا دمچی کی ہڈی کے نیچے زخم، پی اونیا ۲۰۰
سخت پاخانہ کی وجہ سے مقعد سے خون آجائے، ایلومن ۲۰۰
پاخانہ کے بعد خون، یا پاخانے کے دوران خون کی بوندیں گریں، ایلومنا ۲۰۰
خون پتلا پانی کا سا، نہ منجمد ہونے والا، سنگوئی سوگا ۳۰
مبرز میں زخم، شگاف، پھاڑنے والے درد، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰
مقعد میں نہ مندمل ہونے والا زخم، کینسر، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰
ناسور کی سی کیفیت، مواد مسلسل رستا رہے، سلیسیا ۲۰ - ۱۰۰۰
اگر ابھی محض سختی ہو اور زخم کی صورت نہ پیدا ہوئی ہو، فلورک ایسڈ ۲۰۰
(مقعد کی تکلیفات میں دیکھئے بواسیر نواسیر)

منہ کی تکلیفیں
MOUTH TROUBLES

منہ پکا ہوا اور ہونٹوں کے کناروں پر شگاف، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰
منہ کے کناروں پر بھوسی دار چھلے اور ٹھوڑی پر دانے، ہیپر سلفر ۳۰
" آجائے، زبان پر چھیل اور بار بار ہونے والے زخم، میورٹیک ایسڈ ۲۰۰
" کے تمام اندرونی حصے میں سفید سفید داغ، امونیم کاسٹ ۲۰۰
" پکا ہوا، زبان سرخ اور بلندیاں اٹھی ہوئیں، منہ کے کنارے اور نتھنے زخمی،
آرم ٹرائفلم ۳۰
منہ اس قدر خشک کہ غذا نہ بھیگ سکے، آرسنک ۳۰

جبڑے بیٹھ جائیں ، بیلاڈونا ۳۰
بے ہوشی یا غفلت کی حالت میں جبڑوں میں چبانے کی سی حرکت ، برائی اونیا ۳۰
جبڑوں میں درد ، عام طور پر ۔ کاسٹیکم ۳۰

منہ میں دانے یا منہ آنا Thrush Aphthae

بچوں یا بڑوں کے منہ میں سفید رنگ کے دانے ، بورکس ۳۰
منہ میں دانے سرخ رنگ کے ، منہ اندر سے درد کرے ، رال بہے ، مرک سال ۳۰
بچوں کے منہ میں دانے ، چھالے ، بچوں کو منہ چلانا دشوار ہو ، بچے دودھ ڈال دیا کریں ، انٹم ٹارٹ ۳۰
زبان کے کناروں پر دانتوں کے نشان اور زبان کے کناروں پر دانے ، نیٹرم میور ۲۰۰
آتشکی منہ آنا یا پارہ کے زیادہ استعمال سے ، سفلینم ۲۰۰
دانے رخسار کے اندرونی حصہ میں اور ہونٹوں پر ، بربرس ۳۰
زبان پر رائی کے سے گول گول سرخ دانے ، ٹیوبر کیولینم ۲۰۰
ملیریا بخار میں منہ کے گرد موتیوں کی طرح پانی بھرے دانے ، نیٹرم میور ۲۰۰
منہ کے گرد بھوسی دار خشک دانے ، آرسنک ۳۰

تھوک کی زیادتی salivation

کثرت سے رال بہے ، سونے میں تکیہ تر ہو جائے ، مرک سال ۳۰
بحالت حمل تھوک کی زیادتی ، مسوڑھوں اور منہ میں درد ، مرک سال ۳۰
کھانے کے بعد دیر تک زیادہ زیادہ تھوک آتا رہے ، ایلم سٹائیوا ۳۰

تھوک اور رال کی زیادتی کے ساتھ درد سر، آئرس ورس ۳۰
بغیر کسی وجہ کے زیادہ مقدار میں منہ سے پانی سا آتا رہے، اپیکاک ۳۰
منہ میں نمکین پانی کا اجتماع، وربیکم ۳۰

منہ سے پانی کی کثرت

ہاضمہ کی خرابیوں سے منہ سے پانی چھوٹے، لائکوپوڈیم ۳۰
کھانے کے بعد ڈکار سے منہ میں کھٹا پانی بھر جائے، نکس وامیکا ۳۰
〃 〃 کھٹا پانی اور غذا منہ کو چڑھ چڑھ آئے، معدہ میں بوجھ، برائی اونیا ۳۰

لقوہ Facial Paralysis

داہنی جانب ماؤف ہو، کاسٹیکم ۲۰۰
بائیں جانب ماؤف ہو، کیڈمیم سلف ۲۰۰
لقوہ سرد مرطوب ہوا سے، یا بحالت پسینہ ہوا لگ جانے سے، ڈلکامارہ ۲۰۰
〃 ہواؤں کی وجہ سے، روٹا ۲۰۰
(نیز دیکھئے فالج)

زخم یا کینسر

زخم پارہ کے کثرت استعمال کے بعد، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰
〃 جن کو ٹھنڈے پانی سے دھونے سے سکون ہو، ڈلکامارہ ۲۰۰
〃 〃 سے خون بہتا رہے، مرک ۳۰

زخم جن کو چھونے سے بھی درد ہو ، نیٹرم میور ۲۰۰
منھ میں سفید زخم ، کالی آئڈ ۲۰۰
〃 میں گنگرین (ورم فاسد) لیکیسس ۲۰۰
〃 سے بدبو ، دردناک زخم ، رات کو تکلیفات کی زیادتی ، آرسنک آئڈ ۳۰
〃 کے اندر گوشت خورے زخم ، کینسر ، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰
گول زخم جیسے پنچ سے کاٹے گئے ہوں ، کالی بائکرام ۳۰

تالو Palate

تالو میں درد ، کاربو وج ۳۰
〃 〃 درد کرنے والے دانے ، نکس وامیکا ۳۰
〃 〃 ایسا معلوم ہو کہ جیسے جل گیا ہے ، آئرس ورس ۳۰
〃 〃 معمولی زخم ، مرک سال ۳۰
〃 〃 آتشکی زخم ، اورم میور ۳۰
〃 کارنگ تانبے کا سا ہو جائے ، متورم اور دردناک ، مرک سال ۳۰
کسی گرم چیز کے کھانے یا پینے سے تالو میں چھالے پڑ جائیں ، مرک سال ۳۰
(دیکھئے کینسر)

موٹاپا۔ ثمن مفرط FATNESS

موٹاپا بشرطیکہ قلبی حالت درست ہو ، کھائی روڈینم ۳۰
〃 دھڑ موٹا ، ٹانگیں پتلی ، امونیم میور ۲۰۰ — ۱۰۰۰

موٹاپا بچوں کے لئے عموماً، کلکیریا ۱۰۰۰
〃 بڑی عمر کے لوگوں کے لئے، گریفائیٹس ۱۰۰۰
〃 جسم موٹا تھل تھل، لیکن مریض کمئی خون میں مبتلا، فیرم ۱۰۰۰

موچ SPRAIN

چوٹ کے ساتھ موچ ابتدائی درجہ میں، آرنیکا ۲۰۰
دوسرے درجہ پر اگر درد اور اکڑن کی سی کیفیت باقی رہے، رسٹاکس ۲۰۰
اگر رسٹاکس کے استعمال کے بعد بھی کچھ کسر باقی رہ جائے، کلکیریا کارب ۲۰۰
جوڑوں میں موچ اور اعصاب اپنی جگہ سے ہٹے ہوئے، بیلس پرنس ۳۰
ٹخنوں کی پرانی موچیں، جن پر اب تک ورم موجود ہو، سٹرونشیم کارب ۲۰۰
ہڈیوں اور جوڑوں میں موچ کا سا درد، روٹا ۲۰۰
چلتے وقت ٹخنے موچ کھا جائیں، ہڈیاں اپنی جگہ سے ہٹ جائیں، کاربوانیملس ۲۰۰
ٹھنڈی یا مرطوب ہوا لگنے پر کمر یا کلائیوں میں موچ کا سا درد، کلکیریا کارب ۲۰۰

مہاسے ACNE

سن بلوغ پر چہرے پر مہاسے، کالی برومم ۳۰
چہرے پر پیپ بھرے ہوئے دانے پھڑیاں، مہاسے، کلکیریا سلف ۳۰
سن بلوغ میں چہرے پر مہاسے جو پک جائیں اور درد کریں، انڈیم ۳۰

ناخن NAILS

ناخن بدرنگ ٹیڑھے اور خود بخود گرنے لگیں، تھوجا ۲۰۰

〃 سکڑ کر انگلی یا انگوٹھے ہی پر رہ جائیں، سلیسیا ۲۰۰

〃 موٹے اور سکڑے ہوئے، گریفائٹس ۲۰۰

〃 جلد کے اندر گھس جائیں، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰

〃 بدوضع اور ٹوٹے ہوئے، انٹم کروڈ ۲۰۰

ناخنوں کے نمو میں کمی، نیچے کی جلد درد کرے، ناخنوں کے نیچے گٹے، انٹم کروڈ ۲۰۰

ناخن نرم پیدا ہوں، فلورک ایسڈ ۲۰۰

ناخنوں کے گرد مواد بھرے ہوئے زخم، سلیسیا ۲۰۰

〃 〃 〃 زخم جن سے ذرا سی ٹھیس سے خون نکل آیا کرے، فاسفورس ۲۰۰

ناخن جلد سے الگ ہو جائیں اور اس کے نیچے دانے دار سطح ہو، سیکیل ۲۰۰

انگلیوں کی نوکوں یعنی ناخنوں میں شدید درد، بسمتھ ۲۰۰

ناخنوں کے نیچے شدید درد، سیپیا ۳۰- ۲۰۰

ناخن پھٹ جائیں، آرسنک ۳۰- ۲۰۰

〃 بھربھرے، کھردرے اور درد ناک، سلیسیا ۲۰۰

ناسور FISTULA

ناسور کسی حصۂ جسم میں ہو پہلے استعمال کیجیئے، فلورک ایسڈ ۲۰۰- ۱۰۰۰
اگر اس سے پورا فائدہ نہ ہو تو سلیسیا ۲۰۰ اور اوپر

اگر ناسور سے خون آمیز مواد آرہا ہو، نائٹرک ایسڈ ۲۰۰۔۔۔۱

(دیکھئے پھوڑے زخم)

ناف NAVEL

ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا اور قبض، پی اوپیا ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 اور دست، ایپس نائیگرا ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 اور بدن میں شدید درد، آرنیکا ۲۰۰

ناف کے مقام میں سکڑن، کالوسنتھ ۲۰۰

〃 کے گرد زخم، کلکیریا ۲۰۰

〃 میں ورم، پلسائیلا ۲۰۰

〃 میں اندر کی طرف کھچن کی سی کیفیت، پلمبم ۲۰۰

〃 سے مواد اور خون، کلکیریا ۲۰۰

〃 ورم فاسد کی وجہ سے گوشت کا لوتھڑا سا بن جائے، کلکیریا ۲۰۰

〃 کا منہ کھلا ہوا اور اس سے پیشاب رسا کرے، ہایوسیامس ۲۰۰

چھوٹے بچوں کی ناف چلانے وقت باہر نکل آیا کرے، ناف سرخ، لھوجا ۲۰۰

〃 〃 〃 〃 〃 پک جائے، ابراٹینم ۲۰۰

نوزائیدہ بچوں کی ناف دیر میں خشک ہو، ابراٹینم ۲۰۰

ناک کی بیماریاں DISEASES OF NOSE

ناک میں کھجلی اور ناک کریدنا، سنا ۳۰

ناک کو مسلسل نوچنا کہ بعض وقت خون تک نکل آئے، آرم ٹرائفلم ۳۰
〃 پر سرخ بادہ، بیلاڈونا ۲۰۰
〃 کی جڑ میں دبانے والا درد سر، کیپسیکم ۳۰
سونگھنے کی قوت بالکل زائل ہوجائے، پنیس، ٹیوکریم مبرم 6 - ۲۰۰
ناک پر اور ناک کے دونوں طرف زین کا سازرد داغ، سیپیا ۳۰

ناک کی نوک Tip of nose

ناک کی نوک پر مسلسل کھجلی، پٹرولیم ۳۰
〃 〃 〃 ، چمک دار سرخ خصوصاً نوجوان لڑکیوں میں، بورکس ۳۰
〃 〃 〃 پر آبلے وغیرہ، پٹرولیم ۳۰

ناک پر ورم swelling on the

آتشکی مزاج مریضوں میں ناک پر ورم، رات میں تکلیف کی زیادتی، اورم مٹ ۲۰۰
ناک اور ابرو کا مقام بالکل بے حس، آرسنک ہائڈروجنیسٹم ۳۰
ناک میں ورم اور سختی، معلوم ہو کہ کوئی بھاری بوجھ ناک میں لٹک رہا ہے،
کالی بائکرام ۳۰

ناک میں زخم Ulcer in

ناک میں زخم اور سخت پپڑیاں سی نکلیں، کالی بائکرام ۳۰
〃 کی ہڈیاں سڑ جائیں، پٹرولیم ۲۰۰

ناک میں پھوڑا اور پھوڑے کا سا درد ، بورکس ۳۰
〃 〃 ورم اور درد ، ناک پک جائے پر متعفن رطوبت نکلے ، کاربوانیملس ۳۰
〃 〃 زخم اور ناک کی ہڈیوں کا گلنا سڑنا ، اورم مٹ ۲۰۰

ناک میں بتوڑی
Polypus in

ناک کی بتوڑی کی بہترین دوا ہے ، ٹیوکریم میرم ویرم ۶
〃 کی ہڈیوں کا گلنا سڑنا ، بتوڑی ، پھوڑے ، بدگوشت ، بودار زخم وغیرہ ، کیڈمیم سلف ۲۰۰
سوزاک کی ہسٹری رکھنے والے مریضوں کی ناک میں بتوڑی تھوجا ۲۰۰

نتھنے
Nostrils

نتھنے پک جائیں یا ان میں آبلے پڑے ہوئے ، کالی بائکرام ۳۰
زکام کی حالت میں رطوبت تیز سوزش پیدا کرنے والی ، جس سے نتھنے سرخ اور دردناک ہو جائیں ، امونیم کارب ۳۰
نتھنوں کی بیرونی طرف زخم جس سے پانی کی سی نمی رسے ، پلساٹیلا ۳۰۔ ۲۰۰
نتھنے سرخ اور اندر کی طرف دانے ، کھجلی ، آرم ٹرائفلم ۳۰
سینے کی تکلیفات میں نتھنے پنکھے کی طرح چلیں ، لائکوپوڈیم ۳۰

نکسیر
Epistaxis

معمولی حالتوں میں عام طور پر ، ملی فولیم ۳۰

اگر چوٹ وغیرہ سے ناک سے خون جاری ہو جائے، آرنیکا مانٹ ۲۰۰
صبح سویرے چمکدار سرخ خون بغیر کسی ظاہری سبب کے، برائی اونیا ۳۰
صبح منہ دھوتے وقت نکسیر، امونیم کارب ۳۰
نکسیر خون سیاہ، تاردار، کروکس ۳۰
〃 〃 〃 پتلا بار بار، ہمامیلس ۳۰
نکسیر میں مقدار میں زیادہ اور بار بار خون نکلے، فاسفورس ۳۰
〃 جس سے دردسر کو آرام ملے، چائنا ۲۰۰
〃 〃 〃 〃 سر کی زیادتی ہو، بورکس ۳۰
ناک سے بار بار خون کا سیلان بغیر کسی ظاہری وجہ کے، فیرم فاس ×۶
بوڑھے انسانوں میں نکسیر کے بار بار دورے، کاربوویج ۳۰

ناک میں بُو Ozaena

ناک میں بو کی دیرینہ شکایت، پینیس، سفلینم ۲۰۰
زخموں کی وجہ سے ناک سے بو آئے، کیڈمیم سلف ۲۰۰
ناک سے بو اور ناک سے موٹے موٹے کھرنڈ نکلتے رہتے ہوں، کالی بائکرام ۲۰۰
پرانے نزلہ کی وجہ سے ناک سے بو آنے لگے اور پینس کی سی کیفیت پیدا ہو جائے،
اورم آرس ۲۰۰
آتشکی مریضوں میں ناک کی ہڈیاں گل جانے کی وجہ سے یا بغیر کسی زخم کے بو آئے،
اورم مرٹ ۲۰۰

ناک کا پھوڑا ، لیوپس Lupus

اس کا علاج دیگر زخموں اور پھوڑوں کی طرح کریں مگر درمیان علاج لیسی لینم ۲۰۰ دے دیا کریں ۔

سفلس کی ہسٹری رکھنے والے مریضوں کے لئے اورم مٹ ۲۰۰ ضروری ہے ۔

اس طرح گنوریا کی ہسٹری رکھنے والے مریضوں کے لئے تھوجا ۲۰۰

نبض PULSE

نبض بے حد کمزور ، درمیان درمیان ضربات چھوٹ جائیں ، ڈیجی ٹیلس ۳۰

" بہت تیز اور درمیان درمیان ضربات چھوٹ جائیں ، نیٹرم میور ۳۰

دھڑکن شدید اور نبض کی رفتار بہت کم اور سست ، افنڈرا ولگرس ۳۰

(دیکھئے دل کی تکلیفیں)

نزلہ CATARRH

زکام کی مزمن حالت کا نام نزلہ ہے ۔

نزلہ پکا ہوا ، رطوبت زرد گاڑھی ٹھنڈک سے سکون ، پلسا ٹیلا ۳۰

" کے پرانے مریض ٹکلیلیس رات کو بڑھ جایا کریں ، مرک سال ۳۰

زرد رو موٹے یا گورے مریض ، سردی سے ذکی الحس ، کلکیر یا کارب ۳۰

دبلے پتلے زرد رو مریض ، عموماً گرمیوں کے موسم میں زیادہ شکایت رہتی ہیں ، نیٹرم میور ۳۰

کمزور انسانوں میں جنھیں مسلسل حرارت رہتی ہو، دق کا اندیشہ، آرسنک آیوڈ ۲۰۰
سفلس کے مریضوں میں جو پارے کا استعمال کر چکے ہوں، اورم میٹ ۲۰۰
وہ مریض جو زیادہ تر جاڑوں کے موسم میں نزلہ کا شکار رہتے ہوں، سورینم ۲۰۰
〃 〃 تر برسات کے 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃، نیٹرم سلف ۲
〃 〃 گرمیوں کے موسم میں نزلہ سے تکلیف اٹھاتے ہوں، سلفر ۲۰۰
نزلہ کی رطوبت سفید، زرد، تاردار، ناک و حلق سے موٹی موٹی پپڑیاں نکلیں،
کالی بائیکرام ۳۰
تنگ سینہ والے مریض، ٹھنڈک سے ذکی الحس، چھینکوں کی کثرت، فاسفورس ۳۰
سینہ میں گاڑھا بلغم جو مشکل سے نکلے، سانس میں بلغم کی خرخراہٹ، انٹم ٹارٹ ۳۰
جگر یا طحال متورم، قبض، نزلہ پانی کا سا، یا خشک نزلہ، نیٹرم میور ۲۰۰
عام طور پر وہ مریض جو بدہضمی کا شکار رہتے ہوں، کلکیریا کارب ۳۰
نزلہ پر نزلہ ہوتا رہے، ہر دفعہ سردی لگنے پر از سر نو نزلہ، چھینکوں کی کثرت،
کالی آئیوڈ ۲۰۰
پرانا نزلہ جو کسی دوا سے درست نہ ہو سکے، اورم آرس ۲۰۰
دق کے مریضوں میں بار بار نزلہ، سولی ڈیگو ۳۰

(دیکھئے زوم کھانسی)

نملہ، ہرپیز HERPES

لال رنگ کے چیچک کے سے دانے ہونٹوں پر، نیٹرم میور ۲۰۰
کھجلانے والے دانے منھ کے گرد، باچھیں پھٹی ہوئیں، رسٹاکس ۳۰

نملہ کے چھٹے، جسم کے مختلف حصوں میں چھٹوں کی صورت میں، انٹم ٹارٹ ۳۰۔۲۰۰
مٹر کے برابر دانے جن میں پانی بھرا ہوا ہو اور جلن ہو، کینتھرس ۳۰
مزمن حالات میں مریض کمزور رہو، بے چینی، آرسنک ۳۰۔۲۰۰
نملہ کے دانے ہاضمہ کی تکلیفات کے ساتھ، آئرس ورس ۲۰۰

نمونیہ، ذات الریہ PNEUMONIA

بالکل شروع میں جب ٹھنڈ لگنے سے بخار آجائے، بے چینی ہو، اکونائٹ ۳۰
سینہ میں درد، سانس لینے یا ذرا سی حرکت سے تکلیف، ماؤفہ کروٹ لیٹنے سے سکون، برائی اونیا ۳۰
سینہ میں بلغم کی گھڑگھڑاہٹ مگر بلغم نکل نہ سکے، انٹم ٹارٹ ۳۰
بے حد بے چینی، آدھی رات کے بعد تکلیفات کی زیادتی، کمزوری ایک ایک گھونٹ پانی کی پیاس، آرسنک ۳۰
چھوٹے بچوں کا نمونیہ، سینہ پر بلغم کی گھڑگھڑاہٹ، متلی، سانس تیز، اپیکاک ۳۰
سینہ میں سوئیاں چبھنے والے درد، ۳-۴ بجے صبح تکلیفات کی زیادتی، کالی کارب ۳۰
برانکو نمونیہ، یا ٹائیفو نمونیہ، شدید کھانسی، زنگ کے رنگ کا بلغم، بائیں جانب نہ لیٹا جاسکے، فاسفورس ۳۰۔۲۰۰
پلوریسی اور نمونیہ ساتھ ساتھ، سنیگا ۳۰
نمونیہ میں جگر ماؤف اور یرقانی کیفیت، چیلیڈونیم ۲۰۰
داہنی جانب کا نمونیہ، تکلیف دہ کھانسی، بلغم مشکل سے نکلے، سنگونیریا ۳۰

بے حد کمزوری، چہرہ زرد، ہاتھ پاؤں، ٹھنڈے، پھر بھی پنکھے کی ہوا کی خواہش،
کاربووج ۳۰
نمونیہ میں علاج غلط کیا جائے۔ ناک کے نتھنے پنکھے کی طرح چلیں، لائکو پوڈیم ۳۰
جب نمونیہ کا علاج غلط کیا جائے اور مریض کی حالت بگڑتی جائے، کاربووج ۳۰
نمونیہ ٹھیک ہو جانے پر بھی سینہ صاف نہ ہو اور کھانسی برابر آتی رہے، سلفر ۳۰
داہنی طرف لیٹنے سے تکلیف، رات کو تکلیفات کی زیادتی، مرک سال ۳۰
بائیں ″ ″ ″ ″ ، ٹھنڈک سے تکلیفات کو زیادتی، شدید کھانسی، فاسفورس ۳۰
″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ سکون، پلسا ٹیلا ۳۰
چت لیٹنے سے سکون، نمونیہ اور سینہ کی تکلیفات ہیں، سنگونیریا ۳۰
سینہ اور پھیپھڑوں میں درد، جس کو آگے کی طرف جھکنے سے سکون ہو، اسکلی پیاز
ٹیوبروسا ۳۰
حاد علامات ختم ہونے کے بعد بھی پھیپھڑے صاف نہ ہوں، آرسنک آئڈ ۳۰
اگر بلغم میں مواد شامل ہو کر آ رہا ہو اور ٹھنڈک سے تکلیف ہو، ہیپر سلفر ۳۰
(دیکھیے پھیپھڑے، سینہ میں درد، دق، کھانسی)

نیند SLEEP

رات کو کھانے کے بعد ہی نیند آنے لگے، لائکو پوڈیم ۳۰
ہر وقت غنودگی اور ہر وقت نیند، دماغ، جذبات، محسوسات، اعصاب،
غرضیکہ ہر چیز پر نیند طاری، اوپیم ۲۰۰
دن کو نیند کا غلبہ، رات کو مکمل بے خوابی، سلفر ۳۰

نیند بے چین اور پر از خواب، کچی نیند میں ہر بات سنے، اگنیشیا ۳۰

〃 〃 مریض نیند میں کراہے، چونکے، چلائے، کیموملا ۳۰

نیند میں سانس رک جانے کا احساس، لیکیسس ۳۰

〃 کے بعد تمام تکلیفات میں کمی، فاسفورس ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 زیادتی، لیکیسس ۳۰

مریض سوتے سوتے اپنے کو ننگا کر لیا کرے، پلاٹینم ۲۰۰

نیند کے درمیان میں رونا، کیموملا ۳۰

〃 〃 〃 میں ہنسنا، لائکوپوڈیم ۳۰

〃 〃 〃 میں گانا، کروکس ۳۰

کابوس نیند میں اٹھ کر چلنا، اور کام کرنا، ارجنٹم نائٹریکم، ۳ - ۴

ہاتھ اور گھٹنوں کے بل چوتڑ اٹھا کر سونا، سنا ۳۰

گھٹنے سینے سے لگا کر چت سونا، میڈورینم ۲۰۰

〃 〃 〃 〃 〃 مرانی انسانوں میں، سٹرامونیم ۲۰۰

پیٹ کے بل سونا (ابتدائے حمل میں) پاڈوفائلم ۳۰

سوتے سوتے مریض پائنتی پہونچ جایا کرے، میورٹیک ایسڈ ۳۰

غنودگی
Drowsiness

ہر وقت غنودگی اور نیند کا غلبہ، اوپیم ۳۰

غنودگی کا غلبہ، خواب کی سی کیفیت، آنکھیں بند، نکس موسکاٹا ۳۰

جماہیوں کی کثرت، انگڑائیاں اور غنودگی، چیلیڈونیم ۲۰۰

کھانے کے بعد غنودگی اور جماہیاں، لائکو پوڈیم ۳۰
کھاتے وقت غنودگی، کالی کارب ۳۰
غنودگی، پاخانہ پھرتے وقت، کھٹوکا ۳۰
" ہر دفعہ پڑھنے کی ناکام کوشش پر، مگنیشیا فاس ۳۰

بے خوابی Insomnia

پریشانی اور خیالات کی زیادتی کی وجہ سے بے خوابی، کافیا ۳۰
بے خوابی، بے چینی، رحم کی تکلیفات، سمی سی فوگا ۳۰
پیر پر پیر رکھے بغیر نیند نہ آئے، روڈوڈنڈرن ۳۰ - ۲۰۰
پہلے ناقابلِ ضبط غنودگی، بعد میں بے خوابی، اوپیم ۲۰۰
نیند کا غلبہ مگر نیند نہ آئے، نیند آتے ہی چونک پڑے، بیلاڈونا ۳۰
کاروبار کی پریشانیوں یا بیجا اعصابی تحریک کی وجہ سے بے خوابی، ہایوسیامس ۳۰
بے خوابی، بے چینی اور نیند پر از خواب، اکونائٹ ۳۰
عصبی کمزوریوں کی وجہ سے بے خوابی، اوینا سٹائیوا مدر ٹنکچر
شب کے ابتدائی حصہ میں جاگے اور آخر شب میں سوئے، پلساٹیلا ۳۰
" " " " سوئے " " " جاگے، نکس وامیکا ۳۰
بے خوابی کی وجہ سے پیدا ہونے والی تکلیفات، کوکولس ۳۰

ورم طحال، تلّی کا ورم SPLEEN

تلی کے درد اور ورم کے لئے سینیتھس مدر ٹنکچر یا ۳۰ بہترین دوا ہے۔

کونین کے کثرت استعمال کی وجہ سے یا مزمن بخاروں کے بعد، نیٹرم میور ۲۰۰
تلی میں ورم، بخار، ہاضمہ کی تکلیفات، چائنا ۲۰۰
دوڑنے یا سانس اندر لینے پر تلی میں سوئیاں چبھنے کا سا درد، اگریکس ۳۰-۲۰۰
تلی کی مزمن تکلیفات اور تلی میں استسقائی ورم، کیبورکس ۱۲X

وریدوں کی تکلیفیں VEINS

وریدوں میں ورم اور درد، خاص کر وضع حمل کے بعد، پلساٹیلا ۳۰
پیروں کی وریدیں پھول کر کیچوے کے مانند نظر آنے لگیں، ہمامیلس ۳۰
وریدوں میں ورم اور گانٹھیں اور بیحد ذکی الحسی، ہمامیلس ۳۰
کسی سمیت کے جذب ہو جانے کی وجہ سے وریدوں میں تکلیف پیدا ہو جائے، لیکیسس ۳۰
خصیہ کی رگوں میں درد، ایسا معلوم ہو کہ خصیے اوپر کھنچے جا رہے ہیں، سپنجیا ۳۰

وضع حمل LABOUR CHILDBIRTH

قبل وضع حمل Before

۳ ماہ قبل وضع حمل، کالی فاس X ۶، اور کلکیریا فاس X ۶ کا استعمال حمل و ولادت کے مرحلہ کو آسان تر بناتا ہے۔
حمل کے آخری مہینوں میں بدہضمی اور ریاحی تکلیفات، کاربوویج ۳۰
حمل کے آخری مہینوں میں دردِ زہ کے سے جھوٹے درد، کالوفائلم ۳۰

حمل کے آخری مہینوں میں چلنے پھرنے میں تکلیف، وریدوں میں ورم، بیچینی
بیلس پرنس ۳۰

دوران وضع حمل

During

گردن رحم میں سختی اور درد، کمزوری، کالوفائلم ۳۰
رحم کے منہ پر سختی، چھوٹے درد، کمزوری اور کپکپی، جلسی میم ۳۰
دردزہ کمزور اور دیر دیر میں ہوں، پلساٹیلا ۳۰
عام جسمانی کمزوری کی وجہ سے دردزہ کمزور، چائنا ۳۰
دوران وضع حمل زچہ کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے، کیوپرم ۳۰
درد یکایک شروع ہوں اور یکایک بند ہو جائیں، رحم میں تشنجی سکڑن، بیلاڈونا ۳۰
دردزہ بے قاعدہ، آگے سے پیچھے کی طرف یا اوپر کی طرف جائیں، جلسی میم ۳۰
درد بے قاعدہ، کمر اور رانوں میں کھنچاوٹ، ہر درد کے وقت پیشاب و پاخانہ کی حاجت، نکس ۳۰
درد نہایت کمزور، جس سے وضع حمل میں تاخیر ہوتی جائے، سمی سی فوگا ۲۰۰
مریضہ کمزور، تکلیف برداشت کرنا دشوار ہو، درد کمزور اور بیقاعدہ، کالی فاس 6x

بعد وضع حمل

After childbirth

بعد وضع حمل آرنیکا ۲۰۰ کا فوراً استعمال زچہ کو بہت سی تکلیفات سے نجات دیتا ہے۔

اگر آنول رک گئی ہو تو کینتھرس ۶ یا ۳ عمدہ دوا ہے

بعد وضع حمل سمی کیفیت پیدا ہو جائے یا سمی کیفیت کا اندیشہ، پائروجن ۲۰۰

〃 〃 〃 بچہ پر نیند کا غلبہ، فلینڈرینم ۳۰ - ۲۰۰

〃 〃 〃 〃 زچہ کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے، زنکم ۲۰۰

〃 〃 〃 رحم میں ورم، بیلاڈونا ۳۰ - ۲۰۰

〃 〃 〃 مسلسل تکلیفات جاری رہیں، پائروجن ۲۰۰

〃 〃 〃 کمزوری، چائنا ۲۰۰

〃 〃 〃 جریان خون جس پر کسی طرح قابو نہ پایا جا سکے، تھلسپی مدر ٹنکچر

〃 〃 〃 قبض، وریٹرم ۳۰

〃 〃 〃 درد یعنی پچھلی کے درد کے لئے، کالوفائلم ۳۰

〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ، ان عورتوں کے لئے جن کے

زیادہ بچے پیدا ہو چکے ہوں، کیوپرم ۳۰

〃 〃 اگر آپریشن کے ذریعہ وضع حمل کرایا گیا ہو اور کمر اور چوتڑوں

میں شدید درد، ہائپریکم ۲۰۰

〃 〃 تشنج یا تشنجی دورے جسم کے ہر عضو میں، ہایوسیامس ۳۰-۲۰۰

بے ہوشی اور تشنج، کمر اور چہرہ پر خصوصاً اور ماؤف اعضاء میں نیلاپن، ہائڈروسیانک

ایسڈ ۲۰۰

مردہ بچے کو شکم سے نکالنے کے لئے کینتھرس مدر ٹنکچر نہایت کامیاب ہے -

عفونتی بخار Puerperal fever

اس کی مخصوص دوا پائروجن ۲۰۰ ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے عفونتی بخار)

نفاس Lochia

نفاس بند، سر میں درد، حرکات سے تکلیفات کی زیادتی، برائی اونیا ۳۰
سردی اور مرطوبیت سے نفاس رک جائے، ڈلکامارہ ۳۰
نفاس متعفن رک جائے یا ناکافی، شدید بخار، سلفر ۳۰
نفاس کے ساتھ ساتھ دودھ کی تراوش بھی بند، پلساٹیلا ۳۰
سوء المزاج مستورات میں نفاس پتلا، متعفن، درد کے ساتھ یا بغیر درد کے سیکیل ۳۰
نفاس بہت زیادہ، خاص کر ان مستورات میں جن کو حیض جلد جلد اور زیادہ مقدار میں آتا ہو، کلکیریا کارب ۳۰
نفاس کا خون تھوڑا تھوڑا اور عرصہ تک جاری رہے، کالوفائلم ۳۰
" بند ہو جانے کی وجہ سے دماغی تکلیفات، سمی سی فوگا ۳۰-۲۰۰
(مزید دیکھئے عفونتی دیوانگی اور دودھ پلانے کے زمانہ کی تکلیفات)

ہاتھ HANDS

ہاتھ کی پشت اور کلائی کی ہڈیوں میں چوٹ کا سا درد، روٹا ۲۰۰
ہاتھ پیر کا درد، ہاتھ پھیلانے سے بڑھے، لھوجا ۲۰۰

سردی لگنے سے ہاتھ پاؤں پھٹ جائیں، جس میں شدید کھجلی اور جلن ہو، اگریکس ۲۰۰
سن پاس میں ہاتھ متورم اور سُن، ارجنٹم نائٹ ۲۰۰
ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے تکلیفات پیدا ہوں، ٹیرنٹولا ۲۰۰
کسی چیز کو پکڑتے وقت ہاتھ کانپیں، کافیا ۲۰۰
مریض ہر وقت اپنے ہاتھ کو حرکت میں رکھے، انگلیاں کسی چیز سے کھیلا کریں۔
کالی بروم ۳۰
ایک ہاتھ اور ایک ٹانگ کی از خود حرکت، ہیلی بورس ۳۰ - ۲۰۰
مریض ہر وقت اپنے ہاتھ دھویا کرے، سفلینم ۲۰۰
ایک ہاتھ ٹھنڈا، دوسرا گرم، ڈیجی ٹیلس ۳۰
ہاتھوں کی پشت پر تر اکونہ، بووسٹا ۳۰
بایاں ہاتھ سن، گریفائٹس ۲۰۰
داہنا ہاتھ سن، رسٹاکس ۲۰۰
ہاتھ پھٹے ہوئے کھر کھرے، نیٹرم کارب ۲۰۰
مریض ہر وقت اپنے ہاتھ ملتا رہے، ہایوسیامس ۳۰ - ۲۰۰

کلائی Elbow

کلائیوں میں ورم اور درد، کالی کارب ۲۰۰
حرکت دینے پر کلائیوں کا جوڑ چٹ چٹ بولے، کونیم ۲۰۰
کلائیوں میں موچ کا سا درد، جوڑوں میں پھٹن، زیادہ تر سکون کی حالت میں، رسٹاکس ۲۰۰

داہنی کلائی میں درد، اکٹیا سپائی کاٹا ۳۰

بائیں ״ ״ ״، اسکلی پیاز یٹو بروسا ۳۰

کلائیوں پر کھجلی کے دانے، کالی بائکرام ۳۰

کلائیوں کے گرد ایسے دانے جیسے پہونچی پہنی ہے۔ انیلینم ۳-۶

داہنی کلائی میں درد جو لکھنے سے زیادہ ہو، کوبلٹم ۳۰

سردی لگ جانے کی وجہ سے کلائیوں کی فالجی کیفیت۔ روٹا ۲۰۰

ہتھیلی
Ralm of hand

ہتھیلیاں پسینے سے مسلسل تر رہیں، فلورک الیسڈ ۲۰۰

ہتھیلیوں میں ٹھنڈا چپچپا پسینہ، پکرک الیسڈ ۲۰۰

ہتھیلیوں میں چمبل اور اکوتہ، نیٹرم سلف ۲۰۰

״ کی پشت پر چمبل اور اکونہ، بووسٹا ۲۰۰

״ میں اور ہتھیلیوں کی پشت پر چمبل اکونہ، گریفائٹس ۲۰۰

״ میں خارش، اورم مٹ ۲۰۰

مسّے ہتھیلیوں پر، نیٹرم کارب ۲۰۰

״ ״ کی پشت پر، ڈلکامارہ ۲۰۰

ہتھیلیوں اور تلوؤں میں جلن، فاسفورس ۳۰

״ میں چھوٹے چھوٹے دانے اور کھجلی، کالی کارب ۳۰

بازو Arms

کاتبوں کے داہنے بازو میں درد، مرک آئنڈ فلیوس ۲۰۰

بائیں بازو میں سن ہونے کا احساس، کالمیا ۳۰ یا مفلوج اور اکڑا ہوا، پیرس ۲۰۰

〃 〃 کی بے قاعدہ مسلسل حرکت، سمی سی فوگا ۲۰۰

〃 〃 اور بائیں کندھے میں درد، پیر منفا ئیسٹیلم ۲۰۰

〃 〃 میں فالج اور درد، ہاتھ سر تک نہ اٹھ سکے، کاسٹیکم ۲۰۰

رات کے وقت بازو میں درد کہ اٹھایا نہ جا سکے، سنگونیریا ۳۰

ہچکی HICCOUGH

کھانے پینے یا تمباکو نوشی کے بعد، اگنیشیا ۳۰

تشنجی ہچکیاں، ریاحوں کے اخراج کے ساتھ، سائی کوٹا ۳۰

معمولی حالتوں میں معدے کی خرابی سے قبض، نکس وامیکا ۳۰

دورے والی ہچکی، ایتھوزا ۳۰

ملیریا کے مریضوں میں شدید ہچکی، ایتھوزا ۳۰

ہچکیوں کی زیادتی بغیر کسی ظاہری سبب کے، مگنیشیا فاس ۳۰

پریشان کن ہچکیاں اور سخت ترین حالات میں ہائڈروسیانک ایسڈ ۳۰

جب ہچکیوں پر کسی طرح قابو نہ پایا جا سکے، زنکم ویلیریانہ ۳۰

ہڈیوں کی بیماریاں DISEASES OF BONES

درد Pain in

ہڈی توڑ بخار یا انفلوانزہ میں ہڈی ہڈی میں درد، یوپیٹوریم پرف ۳۰
ہڈیوں کے درد سرد و طوفانی موسم میں بڑھیں، روڈوڈنڈرن ۳۰
" میں چوٹ کا سا درد، روٹا ۲۰۰
سفلس کے مریضوں میں رات کو ہڈی ہڈی میں درد، مزیریم ۲۰۰
رات کے وقت ہڈیوں میں شدید درد اور قبض پلمبم ۳۰

چوٹیں Bruises of

ہڈیوں کی چوٹوں کے لئے روٹا ۲۰۰ مخصوص ہے
ریڑھ اور دمچی کی ہڈی میں چوٹ، ہائپریکم ۲۰۰

ہڈی ٹوٹنا Fracture

ہڈی اگر ٹوٹ گئی ہو تو اس کو جوڑنے کے لئے سمفائٹم ۲۰۰ ـ ۱۰۰۰
ٹوٹی ہوئی ہڈیوں میں شدید درد، روٹا ۲۰۰
" " ہڈیاں بہت آہستہ آہستہ جڑیں، کلکیریا فاس ۲۰۰ ـ ۱۰۰۰
ہڈیاں بھربھری ہوجائیں، گل جائیں، سمفائٹم ۲۰۰ - ۱۰۰۰

ہڈیوں میں زخم اور ورم
Caries

